''ارض و سما کی تخلیق، اختلاف لیل و نہار، سمندر میں تیرنے والی کشتیوں اور اس گھٹا میں جو زمین و آسمان کے درمیان خیمہ زن ہیں ارباب عقل و دانش کے لئے نشانیاں ہیں۔'' (القرآن)

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''کائنات میں گھڑی بھر کا تفکر سال بھر کی عبادت سے بہتر ہے۔'' (الحدیث)

**علم دین کے ساتھ ساتھ لوگوں کو روحانی اور سائنسی علوم حاصل کرنے کی ترغیب دینا۔**

رب العالمین کے فرستادہ رحمت اللعالمین علیہ اصلوٰۃ واسلام کے ارشادات اور دعوت علم کا اثر یہ ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی پوری توجہ اور جذبہ و شوق کے ساتھ علم حاصل کرنے میں مشغول ہو گئے جس کے نتیجے میں مسلمان طبیب، مسلمان ہیت داں پیدا ہوئے اور انہوں نے اپنی محنت اور تحقیق سے سائنسی علوم میں غیر معمولی اضافے کئے۔ مسلمان چونکہ نبی آخر الزماں ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا تھے۔ اس لئے وہ من حیث القوم ایک ممتاز قوم تھی اور جیسے جیسے وہ نبی آخر الزماں ﷺ کی تعلیمات، فکر و تدبر اور تحقیق و ترقی کے علوم سے دور ہوتا گیا اسی منسبت سے اس کی زندگی انفرادی طور پر اور من حیث القوم جہالت اور تاریکی میں ڈوبتی چلی گئی اور جس قوم نے علم کا حصول اور سائنسی ترقی کو اپنے لئے لازم قرار دے کیا وہ بلند اور سرفراز ہو گئی۔ یہ اللہ تعالیٰ کا قانون ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

| Priorities | عیسوی | ہجری |
| --- | --- | --- |
| | Day: | 08 |

اہم اُمور 08

نماز ☐ مراقبہ ☐ اسباق ☐ مطالعہ قرآن ☐ ذکر یاحی یاقیوم ☐

Weekly Important Task

Monday

Tuesday

Wednesday

Thursday

Friday

Saturday

Sunday

**مزید مطالعہ کے لئے**

*محمد رسول اللہ ﷺ جلد اول (خواجہ شمس الدین عظیمیؒ)

*روحانی ڈائجسٹ

ان کا مطالعہ کیجئے۔ مخصوص اقتباسات اہلِ خانہ اور دوستوں کو سنایئے

www.ksars.org

حضور قلندر باباؒ اولیاؒ نے فرمایا

تعلیم و تربیت کے مرحلوں سے گذرے بغیر شعور کی داغ بیل نہی پڑتی اور نہ ہی لاشعور کی درجہ بندی ہوتی ہے۔ شعور اور لاشعور دونوں سے مراد تعلیم و تربیت کا حصول ہے۔ قانون یہ ہے کہ جس شخص میں جتنی زیادہ شعور استعداد ذخیرہ ہو جاتی ہیں اسی منسبت سے وہ عالم فاضل اور Genius ہوتا ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

| ہجری | عیسوی |
|---|---|
| Day: | 09 |

| Day: | 10 |
|---|---|

اہم اُمور

| | 09 | 10 |
|---|---|---|
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

# مقصد حیات

# اغراض و مقاصد سلسلہ عظیمیہ

Lesson 22

"تمہارے نفسوں کے اندر ہے تم دیکھتے کیوں نہیں۔"(القرآن)

**"لوگوں کے اندر ایسی طرز فکر پیدا کرنا جس کے ذریعے وہ روح اور اپنے اندر روحانی صلاحیتوں سے باخبر ہو جائیں"**

جس طرح انسان اپنے جسمانی اور مادی تقاضوں کی تکمیل کے لئے مجبور ہے اسی طرح روحانی تقاضوں کی تکمیل بھی اس کے لئے لازمی ہے۔روح کا تقاضا ہے کہ انسان کو اپنے خالق سے رابطہ پیدا کرنا چاہیئے اور ان خوشیوں اور سکون سے بہرہ مند ہونا چاہیئے جو کہ اس رابطے اور قربت کا لازمی نتیجہ ہے۔سلسلہ عظیمیہ اپنے اراکین کو ترغیب دیتا ہے کہ لوگوں کے ذہنوں کو اس طرف مے وجہ کر دیا جائے کہ مادی اور روحانی وجود کا تقابلی جائزہ ان کے سامنے آجائے اور وہ اس بات کا یقین کر لیں کہ مادی وجود عارضی ہے۔گوشت پوست کا یہ مادی جسم ،روح کا لباس ہے جو روح نے عارضی طور پر کچھ وقفہ کے لئے اپنے اوپر پہن لیا ہے۔اس اصل انسان یعنی روح سے اور روح کی حقیقت سے واقف ہو کر بندے کی رحانی صلاحیتیں بیدار اور متحرک ہو جاتی ہیں۔روح چونکہ اللہ کی طرف سے ہے،امر ربی ہے۔اس کی معرفت حاصل کر کے بندہ اللہ کو پہچان لیتا ہے۔اللہ سے قریب ہو جاتا ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

ہجری عیسوی

Day: 11

Day: 12

اہم اُمور

| | 12 | 11 |
|---|---|---|
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

# مقصد حیات

# اغراض و مقاصد سلسلہ عظیمیہ

Lesson 23

''جس نے اپنے نفس کا عرفان حاصل کر لیا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا۔''(الحدیث)

**''لوگوں کے اندر ایسی طرز فکر پیدا کرنا جس کے ذریعے وہ روح اور اپنے اندر روحانی صلاحیتوں سے باخبر ہو جائیں''**

قرآن پاک میں اللہ نے جگہ جگہ اپنی نشانیوں کی طرف اشارہ کیا ہے اور ان پر تفکر کرنے کا حکم دیا ہے۔ نشانی دراصل ظاہری حرکات یا مظہر کا نام ہے اور غور و فکر کرنے کی طرف توجہ دلانا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ پس پردہ ایسے عوامل موجود ہیں جن کو سمجھ کر آدمی حقیقت کا علم حاصل کر سکتا ہے۔ دراصل تمام طبعی علوم اور مادی مظاہر روحانی قوانین پر قائم ہیں۔ توجہ اور تفکر کے ذریعہ ان قوانین کا علم حاصل کیا جا سکتا ہے۔ انسانی نفس، انا یا روح ایسی صفات کا مجموعہ ہے جو پوری کائنات کی ترجمانی کرتا ہے۔ اسی لئے انسان کو خلاصہ موجودات بھی کہا جاتا ہے۔ قران پاک میں اللہ تعالیٰ اپنے بارے میں فرماتے ہیں۔ ''ہم تمہاری رگ جان سے زیادہ قریب ہیں۔'' جب کوئی شخص اپنی روح کی صلاحیتوں اور صفات کو تلاش کرتا ہے تو اس پر تحقیق کے راز منکشف ہو جاتے ہیں۔ عرفان نفس بالآخر ذہن میں ایسی روشنی پیدا کر دیتا ہے جو خالق کی پہچان کا باعث بن جاتی ہے۔ عرفان نفس کا راستہ نبیوں اور رسولوں سے نوع انسانی کو منتقل ہوا ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

عیسوی ہجری

Day: 13

Day: 14

اہم اُمور

| | 14 | 13 |
| --- | --- | --- |
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

## مقصدِ حیات

## اغراض و مقاصد سلسلہ عظیمیہ

Lesson 24

ہم عنقریب انہیں انفس و آفاق میں اپنی نشانیوں کا مشاہدہ کروائیں گے۔(القرآن)

''مومن کی فراست سے ڈرو وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔''(الحدیث)

**لوگوں کے اندر ایسی طرزِ فکر پیدا کرنا جس کے ذریعے وہ روح اور اپنے اندر روحانی صلاحیتوں سے باخبر ہو جائیں۔**

فکرِ انسانی میں ایسی روشنی موجود ہے جو کسی ظاہر کے باطن کا، کسی حضور کے غیب کا مشاہدہ کر سکتی ہے اور غیب کا مشاہدہ ظاہر میں موجود کسی چیز کی تحلیل میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ باالفاظ دیگر ہم کسی چیز کے باطن کو دیکھ لیں تو پھر اس کے ظاہر کا پوشیدہ رہنا ممکن نہیں۔ اس طرح ظاہر کی وسعتیں انسانی ذہن پر منکشف ہو جاتی ہیں اور یہ جاننے کے امکانات پیدا ہو جاتے ہیں کہ ظاہر کی ابتدا کہاں سے ہوئی۔ یہ انبیائے ربانی کا طریقہ ہے کہ وہ باطن سے ظاہر کو تلاش کرتے ہیں۔ باطن میں تفکر کرنے سے بالآخر ذہن اس روشنی سے منور ہو جاتا ہے۔ جس سے مخفی حقائق مشاہدے میں آتے ہیں۔ محمد ﷺ نے اس روشنی کو نورِ فراست کہا ہے۔ فکر کا ارتکاز ظاہری و باطنی دونوں علوم میں ضروری ہے۔ جب تک فکر میں ذوق و شوق، تجسس اور گہرائی کی قوتیں پیدا نہیں ہوتیں۔ ہم کسی بھی علم کو سیکھ نہیں سکتے۔ اسی طرح روح کے علم کو حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آدمی اپنی فکری صلاحیتوں کو ایک نقطہ پر جمع کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ جب کوئی شخص ارادے اور عمل کی پاکیزگی کے ساتھ تفکر کرتا ہے تو نقطہ کھل جاتا ہے اور اس کی معنویت یا اس کا باطن سامنے آجاتا ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

| Priorities | عیسوی | ہجری |
| --- | --- | --- |
| | Day: | 15 |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

اہم اُمور 15

نماز ☐ مراقبہ ☐ اسباق ☐ مطالعہ قرآن ☐ ذکر یاحی یاقیوم ☐

Weekly Important Task

Monday

Tuesday

Wednesday

Thursday

Friday

Saturday

Sunday

مزید مطالعے کے لئے

*محمد رسول اللہ ﷺ جلد اول (خواجہ شمس الدین عظیمی)

*روحانی ڈائجسٹ

ان کا مطالعہ کیجئے۔ مخصوص اقتباسات اہلِ خانہ اور دوستوں کو سنائیے

www.ksars.org

جو شاہ کئی ملک سے لیتے تھے خراج

معلوم نہیں کہاں ہیں ان کے سر د و تاج

البتہ یہ افواہ ہے عالم میں عظیم

اب تک ہیں غبار زرد ان کی افواج

حضور قلندر باباولیاؒ

www.ksars.org

Priorities

ہجری عیسوی

Day: 16

Day: 17

اہم اُمور

| | 16 | 17 |
|---|---|---|
| نماز | | |
| مراقبہ | | |
| اسباق | | |
| مطالعہ قرآن | | |
| ذکر یاحی یاقیوم | | |

www.ksars.org

# مقصد حیات

## اغراض و مقاصد سلسلہ عظیمیہ

Lesson 25

’’ہم نے تمھیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے۔ اور تمہارے خاندان اور قبیلے اس لئے کہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔‘‘(القرآن)

’’کسی عربی کو عجمی پر اور عجمی کو عربی پر کوئی فضیلت نہیں اسی طرح کالے کو گورے پر اور گورے کو کالے پر فضیلت۔‘‘ (الحدیث)

**’’تمام نوع انسانی کو اپنی برادری سمجھنا اور بلا تفریق مذہب و ملت ہر شخص کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنا اور حتی المقدور ان کے ساتھ ہمدردی کرنا۔‘‘**

آدم و حوا کے رشتے سے پوری نوع انسانی ایک برادری ہے۔ دنیا کے ہر خطے میں ہماری پہچان آدم ہے۔ تمام انسانی برادری کا باپ آدم اور ماں حوا ہیں۔ آدم و حوا کی اولاد کی حیثیت سے ہم اپس میں اس رشتے سے انکار نہیں کر سکتے اور نہ ہی آپس میں امتیاز کر سکتے ہیں۔ خطوں، طبقوں، علاقوں کے لحاظ سے موسم مختلف ہیں۔ تہذیبیں مختلف ہیں۔ روایات مختلف ہیں اور مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں۔ رہن سہن بھی اسی مناسبت سے سب کا الگ الگ ہے۔ اگرچہ کھانا پینا، لباس اور طرزِ رہائش سب مختلف ہے۔ لیکن آدم و حوا کے رشتے سے سب کا اپس میں ایکدوسرے سے برادرانہ رشتہ ہے۔ زیداہ تر لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ ان کے سامنے اپنی ذات کے علاوہ کوئی چیز اہم نہیں ہوتی۔ اپنی ذات کے علاوہ کسی دوسرے کی ذات کو اہمیت نہ دینا اور نظر انداز کرنا انا کے خول میں بند رہنے کی علامت ہے۔ جو انسان بزعم خود اپنے آپ کو سب کچھ سمجھتا ہے اس کے اندر کبر ہے، تکبر ہے، غرور ہے یا وہ نفسیاتی مریض ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

| ہجری | عیسوی |
|---|---|

Day: 18

Day: 19

اہم اُمور

| | 18 | 19 |
|---|---|---|
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

## مقصد حیات

## اغراض و مقاصد سلسلہ عظیمیہ

Lesson 26

’’ساری مخلوق اللہ کا عیال ہے اللہ کو اپنی مخلوق میں سب سے زیادہ محبوب وہ ہے جو اللہ کی عیال کو زیادہ فائدہ پہنچانے والا ہے۔‘‘(الحدیث)

**تمام نوع انسانی کو اپنی برادری سمجھنا اور بلا تفریق مذہب و ملت ہر شخص کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنا اور حق المقدور ان کے ساتھ ہمدردی کرنا۔**

سلسلہ عظیمیہ کی تعلیمات فرد میں اللہ کی طرزِ فکر اور اللہ کی صفات کا علم منتقل کرتی ہیں۔ اللہ کی صفات لاتعداد اور لامحدود ہیں۔ جو بندہ اللہ کی جس صفت کو اپنے اندر منتقل کرنا چاہے اور اس کے لئے کوشش کرے تو وہ اس صفت کا عارف بن سکتا ہے۔ مثال کے طور پر کوئی فرد اللہ کی مخلوق سے پیار و محبت اور رحم سے پیش آئے تو اس کے اندر صفتِ رحیم کا عکس نمایاں ہو جاتا ہے۔ اللہ کے عارف کی نظر میں اللہ کی تمام مخلوق کا درجہ برابر ہوتا ہے وہ اللہ کی تمام مخلوق سے بغیر کسی غرض کے محبت کرتا ہے اور اس کی خدمت کرتا ہے۔ سب کی سلامتی چاہتا ہے کسی کو تکلیف نہیں دیتا۔ عفو و در گزر سے کام لیتا ہے۔ مستغنی ہوتا ہے۔ اللہ کے عارف بندے علوم کا خزانہ ہوتے ہیں اس لئے اپنے علم سے مخلوق کو فائدہ پہنچاتے ہیں اور اپنی بصیرت سے لوگوں کے معاملات طے کرتے ہیں۔ معاشرے میں عدل قائم کرتے ہیں۔ کسی کی دل آزاری نہیں کرتے، دل جوئی ان کا شیوہ ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

| ہجری | عیسوی |
| --- | --- |
| 20 | Day: |
| 21 | Day: |

اہم اُمور

| | 20 | 21 |
| --- | --- | --- |
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

## مقصد حیات

## قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:01

**ہر حال میں اور قال میں اپنا روحانی تشخص قائم رکھیں۔**

جب کوئی فرد کسی روحانی سلسلے سے وابستہ ہوتا ہے تو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے سلسلہ کی طرزِ فکر کا مظہر ہو، اس کا کوئی بھی قول، کوئی بھی فعل سلسلہ کی تعلیمات کے منافی نہ ہو۔ سلسلہ عظیمیہ کی تعلیمات کا آغاز ادب اور آدابِ زندگی سے ہوتا ہے۔ عظیمی فرد کے لئے جہاں یہ بات باعثِ خوشی اور فخر ہے کہ اس کا تعلق ایک ایسے سلسلہ سے قائم ہو گیا ہے کہ جس پر اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کی خصوصی نظرِ کرم ہے، وہیں اس پر یہ ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہے کہ اس کا ذاتی تشخص سلسلہ عظیمیہ کی بہتر نمائندگی کرے۔ سلسلہ عظیمیہ میں شمولیت کے بعد سلسلہ کی تعلیمات و اسباق اور پیر و مرشد کے احکامات کی تکمیل کے نتیجے میں عظیمی فرد کی شخصیت میں واضح مثبت تبدیلیاں رونما ہونی چاہئیں۔ شخصیت اور طرزِ فکر میں تبدیلی اس وقت نمایاں اور کارآمد ہو گی جب گھر کے دیگر افراد، دوست احباب اور رشتہ دار اُسے محسوس کریں گے۔

عظیمی فرد اپنی معاشرتی ذمہ داریوں کو جب زیادہ بہتر طریقے سے نبھائے گا، اچھا شوہر بہتر بیوی، شفیق ماں باپ، فرمانبردار اولاد ہونے کا عملی ثبوت دے گا تو اس عمل سے بغیر کسی ترغیب کے قریبی لوگ سلسلہ کی تعلیمات کو ذہنی طور پر قبول کر لیں گے۔ اسی طرح دیگر معاشرتی امور میں اپنی تمام تر صلاحیتوں کو مثبت انداز میں استعمال کر کے اپنی ذات کو اور سلسلہ کے تشخص کو مضبوط کیا جا سکتا ہے۔ مرشد کریم یعنی اپنے روحانی استاد کی صفات اور تعلیمات کو عملی طور پر اپنا کر روحانی تشخص قائم رکھا جا سکتا ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

| Priorities | عیسوی | ہجری |
|---|---|---|
| | Day: | 22 |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

اہم اُمور 22

نماز ☐ مراقبہ ☐ اسباق ☐ مطالعہ قرآن ☐ ذکر یاحی یاقیوم ☐

Weekly Important Task

Monday

Tuesday

Wednesday

Thursday

Friday

Saturday

Sunday

مزید مطالعے کے لئے

*کشکول (خواجہ شمس الدین عظیمی)

*روحانی ڈائجسٹ

ان کا مطالعہ کیجئے۔ مخصوص اقتباسات اہلِ خانہ اور دوستوں کو سنایئے

www.ksars.org

حضور قلندر باباولیار حمۃاللہ علیہ نے فرمایا

یہ دنیا، یہ زمین، یہ ماحول اور جس زندگی کو ہم زندگی کہہ رہے ہیں سب مفروضہ ہے۔ ہر مفروضہ شے ہر مفروضہ قیاس اور مفروضہ حواس فانی ہیں۔ بقا کا ادراک اُس وقت تک ممکن نہیں ہے جب تک فنائیت کے گورکھ دھندے سے آدمی آزاد نہیں ہو جاتا۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

ہجری عیسوی

Day: 23

Day: 24

اہم اُمور

| | 23 | 24 |
|---|---|---|
| نماز | | |
| مراقبہ | | |
| اسباق | | |
| مطالعہ قرآن | | |
| ذکر یاحی یاقیوم | | |

www.ksars.org

# مقصد حیات

# قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:02

**"چھوٹے اور بڑے کا امتیاز کئے بغیر سلام میں پہل کریں"**

سلسلہ عظیمیہ کی تعلیمات ہمیں مخلوقِ خدا سے محبت، خدمت اور سب سے ہمدردی کا درس دیتی ہیں۔ سلام اس تعلیم کا پہلا اظہار ہے۔ اللہ تعالیٰ اور اللہ کے رسول ﷺ کا حکم ہے کہ:

"جب تم اپنے ساتھیوں سے ملاقات کرو تو انہیں سلام کرو ان کی خیریت دریافت کرو۔"

چھوٹے بڑے کا امتیاز کئے بغیر سلام میں پہل کرنے میں گھر پہلی درسگاہ ہے۔ شوہر بیوی کو، بیوی شوہر کو، والدین بچوں کو، بچے والدین اور گھر کے دوسرے بزرگ رشتہ داروں کو سلام کریں۔ اور اس بات کا اہتمام کریں کہ سلام میں ایک دوسرے سے سبقت لے جائیں۔ سبقت لے جانے کا یہ جذبہ، کسی اچھے کام میں آگے بڑھنا یا بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کا جذبہ ہے۔ گھر میں چھوٹے بچے بھی ہوتے ہیں اور بڑے بزرگ بھی موجود ہوتے ہیں۔ گھر کے اندر صبح سویرے اٹھنے کے بعد، رات کو سونے کے لئے بستر پر جانے سے پہلے، گھر سے باہر جاتے ہوئے اور گھر واپس آتے وقت بڑوں کے ساتھ ساتھ بچوں کو سلام کرنے سے ان کے اندر سلام کرنے کی اہمیت اُجاگر ہوتی ہے اور بچوں کے اندر دوسرے لوگوں کی بھلائی چاہنے کی عادت پختہ ہو جاتی ہے۔ چھوٹے بڑے کے امتیاز کے بغیر سلام کے ذریعہ ہمارا تعلق سماجی حلقہ (Social Circle) سے مستحکم ہوتا ہے اور معاشرے کے ہر طبقہ سے اچھے تعلقات قائم ہوتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے

"آپس میں ایک دوسرے کو کثرت سے سلام کیا کرو اس عمل سے آپس میں محبت بڑھتی ہے اور دشمنی دوستی میں بدل جاتی ہے۔"

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

| ہجری | عیسوی |
| --- | --- |

Day: 25

Day: 26

اہم اُمور

| | 25 | 26 |
| --- | --- | --- |
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

# مقصد حیات

# قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:03

**"اللہ کی مخلوق کو دوست رکھیں"**

حدیث قدسی ہے "میں نے مخلوق کو محبت کے ساتھ پیدا کیا تاکہ میں پہچانا جاؤں۔"

جو فرد اللہ کی مخلوق سے محبت اور دوستی کرتا ہے وہ دراصل اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ عمل کی پیروی کرتا ہے۔ یہ اسی وقت ممکن ہے جب بندے کے ذہن میں یہ بات ہو کہ تمام مخلوق ایک کنبہ کی طرح ہے جس کا خالق مالک اور سربراہ اللہ تعالیٰ ہے۔ حدیث نبوی ﷺ ہے کہ "تمام مخلوق اللہ کا کنبہ ہے اور سب سے بہتر شخص وہ ہے جو اس کنبہ کے لئے زیادہ سے زیادہ فائدہ مند ہو۔"

اللہ کی مخلوق سے دوستی کے طریقے روزمرہ زندگی میں رائج اور نافذ ہیں یعنی والدین کے حقوق، پڑوسیوں کے حقوق، اساتذہ کے حقوق اور اولاد کے حقوق۔ اسی طرح دوسری مخلوقات میں نباتات، جمادات، حیوانات سے محبت اور ان کا تحفظ ان سے دوستی قائم کرنا ان کے حقوق ہیں۔ اللہ کی مخلوق کو بندہ اسی وقت دوست رکھ سکتا ہے جب وہ دوستی کے قاعدے قانون اور طور طریقے جانتا ہو۔ زندگی کا بنیادی فلسفہ یہ ہے کہ ہر آدمی سکون اور تحفظ کے احساس کے ساتھ زندگی گزارنا چاہتا ہے اور مستقبل کے خوف اور اندیشوں سے نجات چاہتا ہے۔ کوئی شخص اس وقت تک اپنا دوست نہیں بن سکتا جب تک کہ اس کے اندر سکون نہ ہو۔ سکون حاصل کرنے کے لئے بنیادی بات یہ ہے کہ آدمی کے اندر مستقبل کے اندیشے نہ ہوں یا کم سے کم ہوں۔ اس کے سامنے کوئی ایسی ذات ہو جس کے بارے میں اسے یقین ہو کہ یہ ذات میری محافظ ہے اور وہ ذات اللہ کے علاوہ کوئی نہیں ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

| ہجری | عیسوی |
| --- | --- |
| 27 | Day: |
| 28 | Day: |

اہم اُمور

| | 28 | 27 |
| --- | --- | --- |
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

# مقصد حیات

# قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:04

**"سلسلہ میں رہ کر آپس کے اختلافات سے گریز کریں"**

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے "ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے لئے عمارت کی طرح ہے۔ جیسے عمارت کی ایک اینٹ دوسری اینٹ کا سہارا بنتی ہے اور ہر اینٹ دوسری اینٹ کو قوت پہنچاتی ہے۔" اس کے بعد ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں پیوست فرما کر مسلمانوں کے باہمی تعلق اور اخوت و محبت کی مثال دی۔

"سلسلہ" کے معنی Chain یا زنجیر کے ہیں۔ سلسلہ کے تمام افراد کڑی در کڑی زنجیر بنتے ہیں۔ اگر سلسلہ میں اختلاف ہوگا تو زنجیر کمزور ہو کر ٹوٹ جائے گی۔ اس کے برعکس زنجیر کی کڑیاں جس مضبوطی سے آپس میں جڑی ہوں گی۔ Chain اتنی ہی طاقتور اور طویل ہو گی۔ اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کے گروہ کو جہاں دیگر خصوصیات کا حامل دیکھنا چاہتا ہے وہاں اتحاد اور اخوت کے جذبہ سے سرشار بھی دیکھنا چاہتا ہے۔ سلسلہ عظیمیہ کے تمام اراکین آپس میں دوست، بھائی بہن اور ایک ہی لڑی میں پروئے ہوئے موتیوں کی طرح ہیں رسول اللہ ﷺ کی طرزِ فکر اور امام سلسلہ حضور قلندر بابا اولیاؒ کی نسبت کی منتقلی اور ان کی تعلیمات پر عمل پیراہ ہونے کے لئے عظیمی افراد کو آپس میں اختلاف سے گریز کرنا چاہیئے۔ اختلاف سے گریز کا مطلب یہ ہے کہ دل میں ایک دوسرے کے لئے بغض نہ ہو۔ کسی بھی قسم کی مشاورت کے دوران اگر افراد کے مابین اختلافِ رائے ہو اور مختلف تجاویز ہوں تو چونکہ اس کا مقصد کسی بہتر نتیجہ تک پہنچنا ہوتا ہے اس لئے یہ "اختلاف" کے زُمرے میں نہیں آتا۔ خلوصِ نیت سے رائے دینا مخالفت نہیں ہے۔

www.ksars.org

| Priorities | | عیسوی | ہجری |
|---|---|---|---|
| | | Day: | 29 |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

اہم اُمور 29

نماز ☐ مراقبہ ☐ اسباق ☐ مطالعہ قرآن ☐ ذکر یاحی یاقیوم ☐

Weekly Important Task

| | |
|---|---|
| Monday | |
| Tuesday | |
| Wednesday | |
| Thursday | |
| Friday | |
| Saturday | |
| Sunday | |

مزید مطالعے کے لئے

*تجلیات (خواجہ شمس الدین عظیمی)

*روحانی ڈائجسٹ

ان کا مطالعہ کیجئے۔ مخصوص اقتباسات اہلِ خانہ اور دوستوں کو سنایئے

www.ksars.org

اِک آن کی دنیا ہے فریبی دنیا

اِک آن میں ہے قید یہ ساری دنیا

اِک آن ہی عاریت ملی ہے تجھ کو

یہ بھی جو گذر گئی تو گذری دنیا

حضور قلندر بابا اولیاؒ

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

ہجری — عیسوی

Day: 30

Day: 01

اہم اُمور

| | 01 | 30 |
|---|---|---|
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

## مقصد حیات

# قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:05

**"اپنے روحانی استاد (شیخ) کی ہر بات پر بلا چوں چرا عمل کریں"**

کسی بھی علم کو حاصل کرنے کیلئے ضروری ہے کہ شاگرد کے اندر استاد کی اطاعت و فرمانبرداری اور ادب و احترام کا جذبہ ہو۔ علم خواہ کوئی بھی ہو اس کے سیکھنے کیلئے یہی اصول ہے۔ جب تک شاگرد علم سیکھنے کیلئے فرمانبرداری اور اطاعت کے ساتھ استاد کی بات پر عمل نہیں کرے گا، علم حاصل نہیں کر سکتا۔ بچہ کو استاد الف، بے، جیم سکھاتا ہے، اگر بچہ چوں چرا کئے بغیر الف، بے، جیم نہیں کہے گا تو وہ ہر گز قاعدہ نہیں پڑھ سکتا۔

روحانی استاد اپنے شاگرد کو وہی کچھ سکھاتا ہے جو شاگرد نہیں جانتا۔ روحانی استاد کی شاگردی اختیار کرنے کے بعد شاگرد کو اسی طرح عمل کرنا لازمی ہے جس طرح تین سالہ نرسری کا بچہ استاد کے اے، بی، سی، ڈی کہنے پر عمل کرتا ہے۔ اسی طرح روحانی علوم سیکھنے کیلئے بھی استاد کی پیروی کرنا ضروری ہے۔ شیخ کی ہر بات خواہ اس کا تعلق تعلیم و تربیت سے ہو، خواہ اس کا تعلق سلسلہ کی ترویج و تبلیغ کے کام سے ہو یا دیگر امور سے ہو، اگر سمجھ میں نہ بھی آئیں تب بھی اس پر بلا چوں و چرا عمل کرنا لازمی ہے۔ اس عمل سے شاگرد کے ذاتی علم کی نفی ہو جاتی ہے جو کسی بھی نئے علم کو سیکھنے کیلئے بنیادی قانون ہے۔ اطاعت و فرمانبرداری کی روش اور ادب و احترام سے شیخ کے احکامات کی بجا آوری اور اس کی تعلیمات پر عمل کرنا، ذکر و فکر، مراقبہ اور اسباق کی پابندی کرنا ایک ایسا عمل ہے جس سے سالک شیخ کی رہنمائی میں معرفت کی راہوں پر گامزن ہو جاتا ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

ہجری عیسوی

Day: 02

Day: 03

اہم اُمور

| | 02 | 03 |
|---|---|---|
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

## مقصد حیات

# قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:06

**"کسی بھی سلسلہ کے مقابلہ میں اپنے سلسلہ کو برتر ثابت نہ کریں اس لئے کہ تمام راستے اللہ تک پہنچنے کا ذریعہ ہیں"**

تمام سلاسل طریقت حضور اکرم ﷺ کی منظوری، خوشنودی اور رضامندی سے جاری ہوئے ہیں۔ تمام سلاسل توحید باری تعالیٰ کا پرچار کرتے ہیں۔ سلاسل اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کے مختلف راستے ہیں۔ مقصد مشترک ہونے کی بناء پر کسی بھی سلسلہ کو کسی دوسرے سلسلہ سے برتر ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے تو دراصل وہ ایک ایسے اختلاف و افراق کی بنیاد رکھتا ہے جو لوگوں کو منتشر کرنے کا باعث ہے۔ اس عمل سے رسول اللہ ﷺ کے مشن کے فروغ اور تعلیمات کی ترویج میں رخنہ در آتا ہے اور اخوت کی دیوار میں دراڑ پڑ جاتی ہے۔

اپنے آپ کو برتر ثابت کرنا کبر و نخوت کا اظہار ہے۔ سلوک کے راستوں میں کبر زہرِ قاتل ہے۔ کبر شیطانی وصف ہے جو بندے کو اللہ سے دور لے جاتا ہے۔

سلسلہ عظیمیہ نے اس نقصان سے بچنے، حضور ﷺ کی تعلیمات کو فروغ دینے اور دیگر سلاسل سے مربوط رہنے کے لئے اپنے سلسلہ کو دوسروں پر برتر ثابت کرنے سے منع کیا ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

عیسوی ہجری

Day: 04

Day: 05

اہم اُمور

| | 05 | 04 |
|---|---|---|
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

# مقصد حیات

# قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:07

**"سلسلہ میں جو شخص گند پھیلانے یا منافقت کا سبب بنے اسے سلسلہ سے خارج کر دینا چاہیئے"**

سلسلہ عظیمیہ کے صاحبِ مجاز فرد کے لئے یہ ہدایت ہے کہ سلسلہ میں جو شخص گند پھیلائے یا منافقت کا سبب بنے اسے سلسلہ سے خارج کر دینا چاہیئے۔

سالکین اور مریدین کے لئے یہ ہدایت ایک سبق اور نصیحت ہے کہ وہ ناپسندیدہ افعال و اعمال سے خود کو بچائے رکھیں۔ کوئی فرد سلسلہ میں شر اور تخریب پھیلائے، لوگوں میں غلط فہمی اور اختلاف پیدا کرے، منافقت سے کام لے اور سلسلہ عظیمیہ سے متعلق غلط نظریات اور غلط باتیں پھیلا کر لوگوں کے ذہن خراب کرنے کا مرتکب ہو یا سلسلہ کی تعلیمات کے خلاف چلے تو سلسلہ کے بڑے اس کی اصلاح کی کوشش کرتے ہیں۔ اور اگر قابلِ اصلاح نہیں ہے تو پھر اس کے سارے معاملات پر غور و فکر کر کے یہ مناسب فیصلہ کرتے ہیں کہ اس سے پہلے کہ اس کی شر انگیزیاں اس سلسلے کو نقصان پہنچائیں اُسے سلسلہ عظیمیہ سے الگ کر دیا جائے۔ تاہم سلسلہ عظیمیہ کے کسی رکن کے اخراج کا اختیار صرف پیر و مرشد کو حاصل ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

ہجری

عیسوی

Day: 06

اہم اُمور 06

☐ نماز ☐ مراقبہ ☐ اسباق ☐ مطالعہ قرآن ☐ ذکر یاحی یاقیوم

Weekly Important Task

Monday

Tuesday

Wednesday

Thursday

Friday

Saturday

Sunday

**مزید مطالعے کے لئے**

*تذکرہ قلندر باباولیاء (خواجہ شمس الدین عظیمی)

*روحانی ڈائجسٹ

ان کا مطالعہ کیجئے۔ مخصوص اقتباسات اہلِ خانہ اور دوستوں کو سنائیے

www.ksars.org

حضور قلندر بابا اولیاءؒ نے فرمایا

"یوم" کے معنی ILLUSION ہیں۔ILLUSION نظر کے دھوکے کو کہتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ خیال اگر نہ ائے تو ہم کسی شے کو موجود نہیں دیکھتے۔ ہم زندہ ہیں۔اس لئے زندہ ہیں کہ زندہ رہنے کا خیال مسلسل ہمیں یہ اطلاع فراہم کر رہا ہے کہ ہم زندہ ہیں۔جب خیال زندگی کا رشتہ توڑ لیتا ہے تو ہم زندہ نہیں رہتے۔ ہر ذی فہم بندہ اس بات سے واقف ہے کہ زندگی مسلسل حرکت کا نام ہے۔اور یہ حرکت خیال کے تابع ہے۔ خیال ہی علم بنتا ہے۔ علم میں حرکت پیدا ہوتی ہے۔ حرکت کے بعد عمل سرزد ہوتا ہے اور عمل کے بعد نتیجہ مرتب ہوتا ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

| ہجری | عیسوی |
| --- | --- |

Day: 07

Day: 08

اہم اُمور

| | 08 | 07 |
| --- | --- | --- |
| نماز | | |
| مراقبہ | | |
| اسباق | | |
| مطالعہ قرآن | | |
| ذکر یاحی یاقیوم | | |

www.ksars.org

# مقصد حیات

## قواعد وضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:08

**"ذکر وفکر کی جو تعلیم اور ہدایات دی جائیں ان پر پابندی سے عمل کریں مراقبہ میں کوتاہی نہ کریں"**

ذکر کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کسی مخصوص اسم کا ورد کرنا یا کسی کلمہ کو دہرانا یا تکرار کرنا تاکہ یا اسم کے اندر جو لطیف انوار مخفی ہیں وہ طالب کے ذہن میں متحرک ہو جائیں۔ فکر سے مراد یہ ہے کہ شاگرد کی سوچ کیا ہے؟ مثلاً صلوٰۃ میں شاگرد یہ تصور کرتا ہے کہ وہ اللہ کے حضور کھڑا ہے اور زبان سے جو کہتا ہے اس پر غور کرتا ہے۔ سلسلہ عظیمیہ کی تعلیمات کے مطابق روحانی علوم کے طالب علم کو دینی معاملات کے ساتھ ساتھ دنیاوی معاملات میں بھی فہم وفکر سے کام لے کر کائنات کی چیزوں میں تفکر کرنا چاہیئے۔ جس حد تک تفکر سے کام لے کر وہ اپنی فکر کو جلا بخشے گا اسی قدر علوم اس پر آشکار ہوں گے اور اسے علمی ترقی حاصل ہوگی۔ تفکر کرنا، ذہنی یکسوئی حاصل کرنا، کسی نکتہ پر ذہن کو مرکوز کرنا اور اس کی حکمت کا کھوج لگانا، ریسرچ کرنا۔۔۔ مراقبہ ہے۔ سلسلہ عظیمیہ میں مراقبہ کرنا بطور پریکٹیکل شامل ہے۔ سلسلہ کے اراکین کو اس بات کی تاکید کی گئی ہے کہ وہ دنیاوی کاموں سے فارغ ہو کر اللہ تعالیٰ کی ذات سے نسبت جوڑنے، اپنے اندر باطنی نگاہ بیدار کرنے کے لئے بتائے ہوئے طریقے پر ہر طرف سے ذہن ہٹا کر اللہ کی طرف متوجہ ہوں۔

مراقبہ دراصل انسان کی ذہنی صلاحیتوں کو جلا بخشنے کے ساتھ ساتھ اللہ کی نسبت اور قربت حاصل کرنے کا بہترین اور آسان ذریعہ ہے۔ عظیمی حضرات وخواتین کو تلقین کی جاتی ہے کہ وہ اپنی روزمرہ مصروفیات اور ضروری ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے بعد اللہ کی مخلوق کی خدمت کے لئے اقدامات کرے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

ہجری عیسوی

Day: 09

Day: 10

اہم اُمور

| | 10 | 09 |
|---|---|---|
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

# مقصد حیات

# قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:09

**''قرآن پاک کی تلاوت کریں اور معنی اور مفہوم پر غور کریں''**

سلسلہ عظیمیہ کا یہ پیغام ہے کہ جس طرح موجودہ سائنسی ریسرچ میں سائنٹسٹ حضرات قرآن کے علم سے مدد لے رہے ہیں اور نئی نئی دریافتیں اور ایجادات کر رہے ہیں مسلمان سائنس دان بھی بالعموم اور عظیمی اراکین بالخصوص اپنے اس علمی ورثے سے فائدہ اُٹھانے کے لئے سائنس اور ٹیکنالوجی کے علوم حاصل کریں۔ ہر شعبہ میں ریسرچ میں دلچسپی لیں تاکہ امتِ مسلمہ کو عروج حاصل ہو۔

سلسلہ عظیمیہ میں اجتماعی امور میں ''خدمتِ خلق''، کو جس طرح اہمیت حاصل ہے اسی طرح انفرادی امور میں ذکر و فکر، مراقبہ اور قرآن پاک میں تفکر کو بہت زیادہ اہمیت دی گئی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ جب قرآن پاک کی تلاوت کر کے معنی اور مفہوم پر غور کیا جاتا ہے تو بندے کے اندر روحانی صلاحیتیں بیدار ہو جاتی ہیں۔ دماغ کے کروڑوں سیلز کھل جاتے ہیں اور انسان ظاہری دنیا سے ہٹ کر باطنی دنیا کی طرف غیر اختیاری طور پر متوجہ ہو جاتا ہے۔ جب کوئی بندہ قرآن پاک کی تلاوت کرتا ہے تو دراصل وہ بندہ اللہ سے ہمکلام ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ سے جو باتیں کی ہیں اور جو احکامات دیئے ہیں، وہی باتیں بندہ دہراتا ہے تاکہ اللہ سے اس کا ربط اور تعلق قائم ہو جائے۔ ربط قائم ہونا اسی وقت ممکن ہے کہ جب آدمی جو کچھ تلاوت کر رہا ہے اس کے معانی و مفہوم سے بھی باخبر ہو۔ اگر وہ معانی و مفہوم سے بے خبر ہے تو اس تلاوت کا کوئی تاثر اس کے اوپر قائم نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ''اور ہم نے قرآن کو سمجھنا آسان کر دیا ہے، ہے کوئی سمجھنے والا؟''(القرآن)

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

| عیسوی | ہجری |
| --- | --- |
| Day: | 11 |

| | |
| --- | --- |
| Day: | 12 |

اہم اُمور

| | 12 | 11 |
| --- | --- | --- |
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

# مقصد حیات

# قواعد وضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:10

**''نماز (صلوۃ) میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ ربط قائم کریں''**

حضور علیہ اصلوۃ والسلام کے ارشاد کے مطابق ''نماز مومن کی معراج ہے۔''

معراج کی شب اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ اصلوۃ والسلام کو اپنا خصوصی دیدار اور قرب عطا فرمایا ہے۔ قرآن پاک میں ۲۰۰ سے زائد مقامات پر صلوۃ کا تذکرہ موجود ہے۔ ہر جگہ یہی ہدایت ہے کہ صلوۃ قائم کرو۔ صلوۃ قائم کرنے کا مطلب یہ کہ جب کوئی بندہ نماز کے لئے کھڑا ہوتا ہے توہات اٹھا کر اپنے آپ کو اللہ کے حوالے (Surrender) کر دیتا ہے۔ اللہ اکبر کہہ کر بندہ اللہ کو سب سے بڑا مان لیتا ہے۔ یعنی اللہ کے علاوہ اس کے ذہن سے ہر چیز کی بڑائی ختم ہو جاتی ہے۔ نماز میں اللہ کے ساتھ ربط قائم ہونے کا مطلب یہ ہے کہ بندے کو مرتبہ احسان حاصل ہو جاتا ہے۔ ''مرتبہ احسان یہ ہے کہ بندہ یہ دیکھے اور محسوس کرے کہ میں اللہ کو دیکھ رہا ہوں اور دوسرا درجہ یہ ہے کہ بندہ یہ محسوس کرے کہ مجھے اللہ دیکھ رہا ہے۔''

جدید سائنسی تحقیق نے وضو اور نماز کے بے شمار فوائد کو تسلیم کیا۔ نماز کے ارکان کی صحیح طور پر ادائگی سے اعصابی نظام پر اچھا اثر پڑتا ہے۔ دماغی خلیئے چارج ہو جاتے ہیں۔ آدمی ہائی بلڈ پریشر، گٹھیا، جگر کے امراض، السر اور دماغی امراض سے محفوظ رہتا ہے۔ جسمانی صحت اور صفائی قائم رہتی ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

| Priorities | ہجری عیسوی |
| --- | --- |
| | Day: 13 |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

اہم اُمور 13

| نماز ☐ | مراقبہ ☐ | اسباق ☐ | مطالعہ قرآن ☐ | ذکر یاحی یاقیوم ☐ |
| --- | --- | --- | --- | --- |

Weekly Important Task

| | |
| --- | --- |
| Monday | |
| Tuesday | |
| Wednesday | |
| Thursday | |
| Friday | |
| Saturday | |
| Sunday | |

مزید مطالعے کے لئے

*تذکرہ قلندر باباولیاء (خواجہ شمس الدین عظیمی)

*روحانی ڈائجسٹ

ان کا مطالعہ کیجئے۔ مخصوص اقتباسات اہلِ خانہ اور دوستوں کو سنایئے

www.ksars.org

جب تک کہ ہے چاندنی میں ٹھنڈک کی لکیر

جب تک کہ لکیر میں ہے خم کی تصویر

جب تک کہ شب مہ کا ورق ہے روشن

ساقی نے کیا ہے مجھے ساغر میں اسیر

حضور قلندر بابا اولیاؒ

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

عیسوی ہجری

Day: 14

Day: 15

اہم اُمور

| | 14 | 15 |
| --- | --- | --- |
| نماز | | |
| مراقبہ | | |
| اسباق | | |
| مطالعہ قرآن | | |
| ذکر یاحی یاقیوم | | |

www.ksars.org

# مقصد حیات

## قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:11

**"کسی دوسرے سلسلہ کے طالب علم یا سالک کو سلسلہ عظیمیہ میں طالب کی حیثیت سے قبول کیا جا سکتا ہے۔"**

عموماً یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اگر کسی روحانی فرد کی سرپرستی حاصل کر لی جائے تو دنیاوی مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ آدمی مصائب و بلاؤں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ بعض لوگ ماورائی صلاحیتیں متحرک کر کے دنیاوی مفاد حاصل کرنا چاہتے ہیں اور بعض محض فیوض و برکات حاصل کرنے کے لئے بیعت کی خواہش رکھتے ہیں۔ درحقیقت ان سب باتوں کے لئے بیعت ہونا ضروری نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے سب کی حفاظت کا ذمہ لے رکھا ہے۔ نماز روزہ کی پابندی کرنے، استغفار کرنے، قرآن کریم اور درود شریف پڑھنے سے بھی فیوض و برکات حاصل ہوتے ہیں۔ بعض اوقات ماورائی صلاحیتیں بھی بیدار ہو جاتی ہیں۔ علم کوئی سا بھی ہو استاد کے بغیر کسی علم کو مکمل طور پر حاصل کرنا ممکن نہیں ہے۔ روحانی علوم کا ورثہ اس وقت منتقل ہوتا ہے جب کسی ایسے شخص کو استاد بنایا جائے جو روحانی علوم جانتا ہو۔ روحانی علوم کی منتقلی کے لئے بیعت کرنا ضروری ہے۔ بیعت کا مطلب ہے کہ اپنی نفی کر کے خود کو استاد کے سپرد کر دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ کی قربت اور رسول اللہ ﷺ کی طرزِ فکر حاصل کرنے کے لئے اور روحانی علوم سیکھنے کے لئے جب کسی استاد کا انتخاب کر کے اس کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق عمل کرنے کا عہد لیا جاتا ہے تو یہ بیعت کہلاتی ہے۔ کسی سلسلہ میں بیعت کے بعد اگر ایسے حالات پیدا ہو جائیں کہ تعلیم کا معاملہ آگے نہیں بڑھ پاتا، مرشد کریم کا وصال ہو جاتا ہے اور سالک کی علمی تشنگی برقرار رہتی ہے تو وہ سلسلہ عظیمیہ میں طالب کی حیثیت سے شامل ہو سکتا ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

عیسوی | ہجری

Day: 16

Day: 17

اہم اُمور

| | 16 | 17 |
| --- | --- | --- |
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

## مقصد حیات

## قواعد وضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:12

**"جو شخص پہلے سے کسی سلسلہ میں بیعت ہو اسے سلسلہ عظیمیہ میں بیعت نہ کریں۔ یہ قانون ہے کہ ایک شخص دو جگہ بیعت نہیں ہو سکتا۔"**

کسی سلسلہ میں بیعت کے بعد مستقل مزاجی سے علم حاصل نہ کرنے اور روحانی استاد کو تبدیل کرنے والا طالب علم دوسری جگہ بیعت ہونے کے بعد بھی اپنا وقت ضائع کرتا ہے۔ اس لئے دو جگہ بیعت ہونے کی ممانعت ہے۔

اگر مرشد کا وصال ہو جائے تو اس صورت میں بھی دوسری جگہ بیعت نہیں کی جاسکتی۔ البتہ اگر مرشد کے وصال کے بعد کوئی ایسا بندہ مل جائے جس کی طرزِ فکر مرشد سے قریب ہو تو واردات و کیفیات کی تشریح میں اُس سے رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ مرشد کے وصال کے بعد بھی اس کے روحانی فیوض جاری رہتے ہیں۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

| ہجری | عیسوی |
| --- | --- |

Day: 18

Day: 19

اہم اُمور

| | 19 | 18 |
| --- | --- | --- |
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

## مقصد حیات

## قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:13

**''سلسلہ عظیمیہ سے بیعت حاصل کر لینے کے بعد نہ تو بیعت توڑی جاسکتی ہے اور نہ ہی کوئی فرد اپنی مرضی سے فرار حاصل کر سکتا ہے۔اس لئے بیعت کرنے میں جلد بازی کا مظاہرہ نہ کریں۔جو شخص بیعت ہونا چاہتا ہے اس سے کہا جائے کہ پہلے خوب اچھی طرح دیکھ بھال کر لی جائے کہ ہم اس لائق ہیں بھی یا نہیں۔''**

بیعت ہونے سے قبل ضروری ہے کہ ہر طرح سے اطمینان کر لیا جائے۔ جلد بازی کا مظاہرہ نہ کیا جائے۔ جس سے بیعت کرنا چاہتے ہو پہلے اس کے شب و روز کا جائزہ لیا جائے۔اس کے معاملات کو دیکھا جائے۔اس کے دوست احباب سے قربت حاصل کی جائے تاکہ اس بات کا ادراک ہو جائے کہ صحیح جگہ بیعت کی جا رہی ہے۔

سلسلہ عظیمیہ علمی روحانی سلسلہ ہے۔''شِق نمبر ۱۳''سلسلہ قواعد و ضوابط میں اس لئے رکھی گئی ہے کہ وہی لوگ اس سلسلہ میں داخل ہوں جو ذوق و شوق کے ساتھ واقعتاً روحانی علوم سیکھنا چاہتے ہیں۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

ہجری

عیسوی

Day: 20

اہم اُمور 20

نماز ☐ مراقبہ ☐ اسباق ☐ مطالعہ قرآن ☐ ذکر یا حی یا قیوم ☐

Weekly Important Task

Monday

Tuesday

Wednesday

Thursday

Friday

Saturday

Sunday

مزید مطالعے کے لئے

*احسان و تصوف (خواجہ شمس الدین عظیمی)

*روحانی ڈائجسٹ

ان کا مطالعہ کیجئے۔ مخصوص اقتباسات اہلِ خانہ اور دوستوں کو سنایئے

www.ksars.org

حضور قلندر باباؒ اولیاءؒ نے فرمایا

ایثار انسان کے پاس بہت بڑی طاقت ہے۔ ایثار اندھیروں کو اُجالوں میں تبدیل کر دیتا ہے۔ ایثار بے سکونی کو سکون بنا دیتا ہے۔ ایثار پریشانی درماندگی و اضطراب کو راحت و چین بنا دیتا ہے۔ یاد رکھئے! شمع پہلے خود جلتی ہے اور جب وہ اپنی زندگی کا ایک ایک لمحہ آگ کی نذر کر کے خود کو فنا کر دیتی ہے تو اس ایثار پر پروانے شمع پر جاں نثار ہو جاتے ہیں۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

ہجری | عیسوی

Day: 21

Day: 22

اہم اُمور

| | 21 | 22 |
|---|---|---|
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

# مقصد حیات

## قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:14

**"سلسلہ عظیمیہ کے ذمہ دار حضرات پر لازم ہے کہ وہ کسی کو اپنا مرید نہ کہیں، "دوست" کے لقب سے یاد کریں"**

حضور قلندر بابااولیاءنے مرید کی جگہ "دوست" لفظ پکارنے کی تاکید اس لئے فرمائی ہے کہ دوست کا ادب بھی احترام بھی ہوتا ہے۔ دوست میں ایثار و قربانی بھی ہوتی ہے اور بے تکلفی بھی ہوتی ہے۔

آدابِ مرشد کے حوالے سے یہ بات کتابوں میں ملتی ہے کہ مرید مرشد کو آنکھ اٹھا کر نہ دیکھے، گفتگو نہ کرے۔ کچھ پوچھے بھی نہیں۔ بس نظریں نیچی کئے مرشد کے سامنے دوزانو ہو کر بیٹھا رہے۔ سلسلہ عظیمیہ کی تعلیمات کے مطابق یہ طرزِ عمل درست نہیں ہے۔ حضور قلندر بابااولیاء فرماتے ہیں کہ روحانی موضوعات کے مطالعہ کے بعد اگر سالک، مرشد (روحانی استاد) سے سوالات نہیں کرے گا تو علم سیکھنے کا عمل کس طرح پورا ہو گا؟ اگر استاد کو نظر بھر کر دیکھا نہیں جائے تو قربت کا احساس کس طرح ہو گا؟ ادب واحترام کا مطلب یہ ہر گز نہیں ہے کہ شاگرد استاد کے سامنے گم صم بیٹھا رہے۔ ادب واحترام کا مطلب ہے۔۔۔۔۔ استاد کی تعظیم کی جائے۔ احترام یہ ہے کہ استاد کے حکم کی تعمیل کی جائے، اگر استاد نے رات ۲ بجے تہجد ادا کرنے کے لئے حکم دیا ہے تو شاگرد نمازِ تہجد ادا کرے۔ تہجد کے نفل ادا نہ کرنا بے ادبی اور گستاخی ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

ہجری عیسوی

Day: 23

Day: 24

اہم اُمور

| | 23 | 24 |
|---|---|---|
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

# مقصد حیات

## قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:15

**"سلسلہ کا کوئی صاحب مجاز مجلس میں گدی نشین ہو کر نہ بیٹھے نشست و برخاست عوام کی طرح ہو"**

سلسلہ عظیمیہ کے صاحبِ مجاز خواتین و حضرات کے لئے سلسلہ کے قواعد و ضوابط میں یہ بات شامل ہے کہ ان کی نشست و برخاست عوام کی طرح ہو کیونکہ گدی نشین ہو کر بیٹھنا، امتیاز اختیار کرنا یا غیر ضروری خود نمائی کرنے سے انسان عوام سے دور ہو جاتا ہے اور اگر کوئی شخص اپنی طرزِ گفتار، اپنے معاملات، لباس یا کسی اور کے حوالے سے امتیاز برتے گا تو وہ عوام میں گھل مل نہیں سکتا۔

صاحبِ مجاز مرشد، سیدنا حضور ﷺ کے علوم کا وارث ہوتا ہے اور حضور ﷺ کے علوم کی ترویج اس کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ اس لئے وہ اپنی ذات کو عوام کے سامنے اس طرح پیش کرتا ہے جس سے لوگوں کو زیادہ سے زیادہ علم، ہدایت اور نفع پہنچے۔ حضور ﷺ کی تعلیمات کے پرچار کا تقاضہ یہی ہے کہ وہ جس علاقہ یا عوام میں تبلیغ کا فریضہ انجام دے رہا ہے وہاں کے حالات اور رہن سہن کے مطابق اپنی تعلیمات کو پیش کرے۔ اس کا رکھ رکھاؤ اس طرح ہو کہ امیر اور غریب سب اس کی تعلیمات سے فائدہ اٹھا سکیں۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

عیسوی ہجری

Day: 25

Day: 26

اہم اُمور

| | 26 | 25 |
|---|---|---|
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

# مقصد حیات

## قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:16

**''نوعِ انسان میں مرد، عورتیں، بچے، بوڑھے سب آپس میں آدم کے ناطے خالقِ کائنات کے تخلیقی رازونیاز ہیں آپس میں بھائی بہن ہیں نہ کوئی بڑا ہے نہ کوئی چھوٹا، بڑائی صرف اس کو زیب دیتی ہے جو اپنے اندر ٹھاٹھیں مارتے ہوئے اللہ کی صفات کے سمندر کا عرفان رکھتا ہو، جس کے اندر اللہ کے اوصاف کا عکس نمایاں ہو جو اللہ کی مخلوق کے کام آئے کسی کو اس کی ذات سے تکلیف نہ پہنچے۔''**

سلسلہ عظیمیہ کی تعلیمات خالق اور مخلوق کے ربط کی وضاحت کرتی ہیں۔اللہ تعالیٰ بحیثیت خالق، مخلوق کے ہر فرد سے ایک خاص نسبت رکھتا ہے۔ہر فرد میں اللہ تعالیٰ کی پھونکی ہوئی روح کام کر رہی ہے اس لئے کسی شخص کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ کسی دوسرے کو کمتر سمجھے۔ تخلیقی پروگرام کے تحت ہر انسان خواہ وہ مرد ہو یا عورت بچہ ہو یا بوڑھا سب اللہ کے نزدیک برابر ہیں۔نہ کوئی چھوٹا ہے نہ کوئی بڑا۔ تخلیقی پروگرام میں ہر شخص کا ایک خاص کردار متعین ہے۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

''بے شک اللہ پسند کرتا ہے متقیوں کو۔''(سورہ التوبہ ۷)

اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق بڑائی صرف اس کو زیب دیتی ہے جو اللہ کے قریب ہو،اللہ کی ذات کا،اللہ کی صفات کا عرفان رکھتا ہو۔یہ بڑائی خود اللہ کی طرف سے عطا کی جاتی ہے کوئی فرد بزعم خود بڑا نہیں بن جاتا۔اللہ کا دوست،اللہ کی صفات کا عارف،اس کی ذات سے کسی کو تکلیف نہیں پہنچتی وہ اللہ اور اللہ کی مخلوق کا پسندیدہ ہوتا ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

| Priorities | عیسوی | ہجری |
|---|---|---|
| | Day: | 27 |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

اہم اُمور 27

نماز ☐ مراقبہ ☐ اسباق ☐ مطالعہ قرآن ☐ ذکر یا ئی یا قیوم ☐

Weekly Important Task

| | |
|---|---|
| Monday | |
| Tuesday | |
| Wednesday | |
| Thursday | |
| Friday | |
| Saturday | |
| Sunday | |

مزید مطالعے کے لئے

*کشکول (خواجہ شمس الدین عظیمی)

*روحانی ڈائجسٹ

ان کا مطالعہ کیجئے۔ مخصوص اقتباسات اہلِ خانہ اور دوستوں کو سنایئے

www.ksars.org

جب تک کہ ہے چاندنی میں ٹھنڈک کی لکیر

جب تک کہ لکیر میں ہے خم کی تصویر

جب تک کہ سب مہ کا ورق ہے روشن

ساقی نے کیا ہے مجھے ساغر میں اسیر

حضور قلندر باباولیاؒ

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

ہجری عیسوی

Day: 28

Day: 29

اہم اُمور

| | 28 | 29 |
|---|---|---|
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

## مقصد حیات

## قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:17

**"شک کو دل میں جگہ نہ دیں جس فرد کے دل میں شک جاگزیں ہو وہ کبھی عارف نہیں ہو سکتا اس لئے کہ سک شیطان کا سب سے بڑا ہتھیار ہے جس کے ذریعہ وہ آدم زاد کو اپنی روح سے دور کر دیتا روحانی قدروں سے دوری آدمی کے اوپر علم و آگہی اور عرفان کے دروازے بند کر دیتی ہے۔"**

سلسلہ عظیمیہ کی تعلیمات فرد کو روحانی اور دنیاوی اعتبار سے متوازن شخصیت بناتی ہیں۔ جس میں مثبت پہلو زیادہ اور منفی پہلو کم سے کم ہوتے ہیں لہذا متوازن شخصیت کی تعمیر کے لئے ضروری ہے کہ روحانی طالب علم اپنے اندر موجود منفی پہلوؤں سے زیادہ سے زیادہ اجتناب برتے اس کے نتیجے میں اس کے اندر مثبت پہلو یا مثبت خصوصیات زیادہ سے زیادہ اجاگر ہوتی ہیں۔ شک، غصہ، انتقام، کبر، دل آزاری وغیرہ کا شمار پہلوؤں میں ہوتا ہے۔

شک یا ابہام یقین کی ضد ہے۔ جب کوئی شخص بظاہر اللہ کی ذات پر ایمان رکھتے ہوئے ایسے خیالات کا شکار ہو جائے جو اللہ کی ذات وصفات یا حضور علیہ اصلوٰۃ والسلام کی تعلیمات سے متصادم ہوں تو اس کو شک کہا جائے گا۔ شک شیطان کا سب سے بڑا ہتھیار ہے جس کی بنا پر بندے کو اللہ سے دور کر دیتا ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

ہجری عیسوی

Day: 30

Day: 01

اہم اُمور

| | 30 | 01 |
|---|---|---|
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

# مقصد حیات

## قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:18

**''مصور ایک تصویر بناتا ہے۔ پہلے وہ خود اس تصویر کے خدوخال سے لطف اندوز ہوتا ہے۔ مصور اپنی بنائی ہوئی تصویر سے اگر خود مطمئن نہ ہو تو دوسرے کیوں کر متاثر ہوں گے۔ نہ صرف یہ کہ دوسرے لوگ متاثر نہیں ہوں گے بلکہ تصویر کے خدوخال مذاق کا ہدف بن جائیں گے اور اس طرح خود مصور بے چینی، اضطراب و اضمحلال کے عالم میں چلا جائے گا۔ ایسے کام کریں کہ آپ خود مطمئن ہوں آپ کا ضمیر مردہ نہ ہو جائے اور یہی وہ راز ہے جس کے ذریعہ آپ کی ذات دوسروں کے لئے راہنمائی کا ذریعہ بن سکتی ہے۔''**

سلسلہ عظیمیہ کی تعلیمات فرد کو دوسروں کی رہنمائی سے قبل اپنی اصلاح کی طرف متوجہ کرتی ہیں۔ سلسلہ عظیمیہ اپنے اراکین میں پیار و محبت اور ایثار و قربانی کے جذبہ کو فروغ دینا چاہتا ہے۔ رواداری اور ایثار و قربانی کے جذبہ کی سادہ پیرائے میں تشریح یہ ہے کہ جو کچھ تم اپنے لئے پسند کرتے ہو وہی اپنے بھائی کے لئے بھی پسند کرو۔ کسی کو نصیحت کرنے سے پہلے اپنا محاسبہ کریں اور دیکھیں کہ خود ہماری اپنی ذات اس عمل سے کتنی قریب ہے۔ اس بات پر ہم خود عمل پیرا نہ ہو، اور دوسرے کو اُس کی تلقین کرے یہ منافقت سے کم نہیں ہے۔ ہر انسان کو اللہ تعالیٰ نے صلاحیت دی ہے جو اس کی رہنمائی کرتی ہے۔ یہ رہنمائی اچھائی بُرائی، خیر اور شر میں تمیز کرنا ہے۔

www.ksars.org

Priorities

ہجری عیسوی

Day: 02

Day: 03

اہم اُمور

| | 02 | 03 |
|---|---|---|
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

# مقصد حیات

## قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر: 19

**"ہر شخص کو چاہیئے کہ کاروبارِ حیات میں مذہبی قدروں، اخلاقی اور معاشرتی قوانین کا احترام کرتے ہوئے پوری پوری جدوجہد اور کوشش کرے لیکن نتیجہ پر نظر نہ رکھے۔ نتیجہ اللہ کے اوپر چھوڑ دے اس لئے کہ آدمی حالات کے ہاتھ کھلونا ہے۔ حالات جس طرح چابی بھر دیتے ہیں آدمی اسی طرح زندگی گزارنے پر مجبور ہے۔ بے شک اللہ قادرِ مطلق اور ہر چیز پر محیط ہے۔ حالات پر اس کی گرفت ہے وہ جب چاہے اور جس طرح چاہے حالات میں تغیر واقع ہو جاتا ہے۔ معاش کے حصول میں معاشرتی، اخلاقی اور مذہبی قدروں کا پورا پورا احترام کرنا ہر شخص کے اوپر فرض ہے۔"**

سلسلہ عظیمیہ کی تعلیمات بندے کے اندر استغناء اور توکل کی طرزِ فکر کو ابھارتی ہیں۔ سلسلہ کی تعلیمات کے مطابق ہر شخص جو بھی کام کرے اس میں اپنی مذہبی، معاشرتی، اخلاقی قدروں اور اپنے ملکی قوانین کا پورا پورا احترام کرے۔ قوانین اس لئے بنائے جاتے ہیں کہ معاشرہ قائم رہے، معاشرہ میں انحراف اور بے راہ روی کم سے کم ہو۔

سلسلہ عظیمیہ کی تعلیمات یہ ہیں کہ ہم اپنے تمام دنیاوی کام انتہائی جدوجہد اور کوشش سے کریں اور نتیجہ اللہ پر چھوڑ دیں۔ ہر کام یہ سوچ کر کریں کہ کوشش ہماری ہے اور نتیجہ مرتب ہونا اللہ کے اختیار میں ہے۔ اللہ جو کچھ ہمارے لئے بہتر سمجھے گا، ہمیں عطا کرے گا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جو حاصل ہو جائے اسے خوش ہو کر بھرپور طریقے سے استعمال کریں اور جو نہیں ملا اس کے لئے جدوجہد اور کوشش جاری رکھیں۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

ہجری

عیسوی

Day: 04

اہم امور 04

نماز ☐ مراقبہ ☐ اسباق ☐ مطالعہ قرآن ☐ ذکر یا ئی یا قیوم ☐

Weekly Important Task

Monday

Tuesday

Wednesday

Thursday

Friday

Saturday

Sunday

مزید مطالعے کے لئے

*تجلیات و(خواجہ شمس الدین عظیمی)

*روحانی ڈائجسٹ

ان کا مطالعہ کیجئے۔ مخصوص اقتباسات اہل خانہ اور دوستوں کو سنائیے

www.ksars.org

حضور قلندر باباؒ اولیاؒ نے فرمایا

اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں بندہ خوش رہے۔ اس لئے کہ ناخوش بندہ کو جنت قبول نہیں کرتی۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

ہجری عیسوی

Day: 05

Day: 06

اہم اُمور

| | 05 | 06 |
|---|---|---|
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

## مقصد حیات

## قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:20

**"تم اگر کسی کی دل آزاری کا سبب بن جاؤ تو اس سے معافی مانگ لو، قطع نظر اس کے کہ وہ تم سے چھوٹا ہے یا بڑا۔ اس لئے کہ جھکنے میں عظمت پوشیدہ ہے۔"**

معاشرہ افراد کا گروہ ہے۔ گروہ کے ہر رکن کی ذمہ داری ہے کہ اپنے کسی طرزِ عمل سے دوسروں کو شکایت کا موقع نہ دے اور اپنا محاسبہ کرتا رہے۔ اگر دانستگی یا نادانستگی میں کوئی غلطی سرزد ہو جائے اور کسی کی دل آزاری کا سبب بن جائے تو معافی مانگنے میں کوتاہی نہ کرے۔ اسے اپنی انا کا مسئلہ بنائے بغیر اپنی غلطی کو تسلیم کر لے خواہ وہ شخص چھوٹا ہو یا بڑا۔ اعلیٰ مراتب کا ہو یا کم مراتب کا حامل ہو۔ اپنی غلطی کو تسلیم کرنا، معافی مانگنا اور اپنی کوتاہیوں پر نادم ہونا حضرت آدم علیہ اسلام کی سنت ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتے ہوئے عرض کی:

"اے ہمارے رب! ظلم کیا ہم نے اپنے اوپر اور اگر نہ بخشا تو نے ہمیں اور نہ رحم فرمایا ہم پر تو یقیناً ہو جائیں گے ہم خسارہ اٹھانے والوں میں سے۔" (القرآن)

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

| ہجری | عیسوی |
| --- | --- |
| 07 | Day: |

| ہجری | عیسوی |
| --- | --- |
| 08 | Day: |

اہم اُمور

| | 07 | 08 |
| --- | --- | --- |
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

# مقصد حیات

# قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:21

**تمہیں کسی کی ذات سے تکلیف پہنچ جائے تو اسے بلاتوقف معاف کر دو اس لئے کہ انتقام بجائے خود ایک صعوبت ہے۔انتقام کا جذبہ اعصاب مضمحل کر دیتا ہے۔"**

سلسلہ عظیمیہ کی تعلیمات میں اپنی کوتاہیوں پر معافی مانگنے کی تلقین کی گئی ہے۔معافی کے برعکس انتقام ہے۔آپ کو اگر کسی سے تکلیف پہنچی ہے اور آپ نے اسے معاف کر دیا تو آپ کے اندر معاف کرنے سے پہلے جو انتقام کے جذبات تھے اور آپ ان جذبات کی آگ میں جل رہے تھے۔ذہن پریشان تھا، غصہ آرہا تھا۔اس بندے کے خلاف نفرت کا لاوا آپ کے اندر اُبل رہا تھا۔ان ساری کیفیات سے آپ کو چھٹکارا مل جائے گا۔آپ کی طبیعت میں ٹھہراؤ آجائے گا۔لہذا، ان جذبات سے دور رہنے کی کوشش کرنا چاہیئے کیوں کہ جب انتقام کا خیال اتا ہے تو ذہن پریشان ہو جاتا ہے اور اعصاب پر اضمحلال طاری ہو جاتا ہے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

Priorities

| عیسوی | ہجری |
| --- | --- |

Day: 09

Day: 10

اہم اُمور

| | 10 | 09 |
| --- | --- | --- |
| نماز | ☐ | ☐ |
| مراقبہ | ☐ | ☐ |
| اسباق | ☐ | ☐ |
| مطالعہ قرآن | ☐ | ☐ |
| ذکر یاحی یاقیوم | ☐ | ☐ |

www.ksars.org

## مقصد حیات

## قواعد و ضوابط سلسلہ عظیمیہ

شق نمبر:22

**غصہ کی آگ پہلے غصہ کرنے والے کے خون میں ارتعاش پیدا کرتی ہے اور اس کے اعصاب متاثر ہو کر اپنی انرجی (Energy) ضائع کر دیتے ہیں یعنی اس کے اندر قوتِ حیات ضائع ہو کر دوسروں کو نقصان پہنچاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نوعِ انسانی کے لئے کسی قسم کے بھی نقصان کو پسند نہیں فرماتے۔"**

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

"جو غصہ پر قابو حاصل کر لیتے ہیں، اللہ ایسے احسان کرنے والے بندوں سے محبت کرتا ہے۔"

انبیائے کرام کی طرزِ فکر رکھنے والے حضرات غصہ سے اجتناب کرنے کا درس دیتے ہیں۔ آدمی جب غصہ کرتا ہے تو اسے کوئی فائدہ نہیں ہوتا بلکہ نقصان پہنچتا ہے۔ اس کا شعور کمزور ہو جاتا ہے۔ آدمی جتنی دیر غصہ میں رہتا ہے اندر ہی اندر کھولتا رہتا ہے۔ اعصاب پر تناؤ طاری ہو جاتا ہے۔ غصہ کے عادی افراد کی جسمانی اور نفسیاتی صحت متاثر ہوتی ہے اور ان کی روحانی ترقی رُک جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ غصہ کرنے والے بندے سے محبت نہیں کرتا۔ غصہ کرنے سے روزمرہ زندگی میں خرابی پیدا ہوتی ہے اور اللہ بھی ناخوش ہوتا ہے۔ یہ بڑے خسارے کا سودا ہے کہ دنیا بھی خراب ہوئی اور آخرت میں بھی گھاٹا ہوا۔ غصہ کے عادی اور معاف نہ کرنے والے لوگ اللہ کے عارف نہیں ہوتے۔

www.ksars.org

سیرت طیبہ کی روشنی میں تعمیر شخصیت

ہجری

عیسوی

| Priorities | Day: 11 |
| --- | --- |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

اہم اُمور 11

نماز ☐ مراقبہ ☐ اسباق ☐ مطالعہ قرآن ☐ ذکر یا حی یا قیوم ☐

Weekly Important Task

Monday

Tuesday

Wednesday

Thursday

Friday

Saturday

Sunday

مزید مطالعے کے لئے

*تجلیات (خواجہ شمس الدین عظیمی

*کشکول (خواجہ شمس الدین عظیمی

*روحانی ڈائجسٹ

ان کا مطالعہ کیجئے۔ مخصوص اقتباسات اہلِ خانہ اور دوستوں کو سنائیے

www.ksars.org

# منتخب مضامین

www.ksars.org

# خطبہ حجتہ الوداع

## (انسانی حقوق کا چارٹر)

۱۰ ہجری میں حضرت محمد رسول اللہ ﷺ تقریباً سوا لاکھ مسلمانوں کے ساتھ حج کے لئے تشریف لے گئے۔ تاریخ اسلامی میں رسول اللہ ﷺ کے اس حج مبارکہ کو ''حجتہ الوداع'' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس موقع پر آپ ﷺ نے میدان عرفات میں واقع ایک چھوٹی سی پہاڑی جبل رحمت پر اپنی اونٹنی قصویٰ پر سوار ہو کر خطبہ ارشاد فرمایا۔ اس خطبہ کو ''خطبہ حجتہ الوداع'' بھی کہا جاتا ہے۔ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے اس خطبہ کو بجا طور پر نوع انسانی کے لئے انسانی حقوق کے چارٹر کی حیثیت حاصل ہے۔

خطبہ کی ابتدا میں آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان فرمائی پھر فرمایا:

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ وہ یکتا ہے اور کوئی اس کا ساجھی نہیں، اللہ نے اپنا پورا کیا اس نے اپنے بندے کی مدد فرمائی اور تنہا اسی کی ذات نے باطل کی ساری قوتوں کو زیر کیا۔ لوگو! میری بات سنو۔۔۔ میں نہیں سمجھتا کہ آئندہ کبھی ہم اس طرح کسی مجلس میں یکجا ہو سکیں گے۔

لوگو! اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ انسانو! ہم نے تم سب کو ایک مرد و عورت سے پیدا کیا اور تمہیں جماعتوں اور قبیلوں میں بانٹ دیا کہ تم الگ الگ پہچانے جا سکو۔ تم عزت و توقیر والا اللہ کی نظر میں وہی ہے جو اللہ کے نزدیک زیادہ تقویٰ والا ہے۔

نہ کسی عربی کو عجمی پر کوئی فوقیت حاصل ہے اور نہ کسی عجمی کو عربی پر۔۔۔ کالا گورے سے افضل ہے نہ گورا کالے سے۔ ہاں بزرگی اور فضیلت کا کوئی معیار ہے تو وہ تقویٰ ہے۔۔۔ تمام انسان آدم کی اولاد ہیں اور آدم کی حقیقت اس کے سوا کیا ہے کہ وہ مٹی سے بنائے گئے۔۔۔ اب فضیلت و برتری کے سارے دعوے، خون و مال کے سارے مطالبے اور انتقام میرے پاؤں تلے روندے جا چکے ہیں۔ لوگو! تمہارے خون و مال اور عزتیں ایک دوسرے پر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے حرام کر دی گئی ہیں۔۔۔ ان کی اہمیت ایسی ہے جیسے۔۔۔ تمہارے اس دین کی اور اس ماہ مبارک (ذی الحج) کی خاص کر اس شہر میں ہے۔۔۔ تم سب اللہ کے آگے جاؤ گے اور وہ تم سے تمہارے اعمال کی بازپرس فرمائے گا۔۔ دیکھو میرے بعد گمراہ نہ ہو جانا کہ آپس ہی میں کشت و خون کرنے لگو۔۔۔ اگر کسی کے پاس امانت رکھوائی جائے تو وہ اس بات کا پابند ہے کہ رکھوانے والے کو امانت پہنچائے۔

لوگو! ہر مسلمان دوسرے کا بھائی ہے۔۔۔ اور سارے مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔۔۔ اپنے غلاموں کا خیال رکھو۔۔۔ انہیں وہی کھلاؤ۔۔۔ جو خود کھاتے ہو۔۔۔ اور ایسا ہی پہناؤ جیسا خود پہنتے ہو۔۔۔ دورِ جاہلیت کا سب کچھ میں نے اپنے پیروں تلے روند دیا ہے۔۔۔ زمانہ جاہلیت کے خون کے سارے انتقام اب کالعدم ہیں۔۔۔ پہلا انتقام جسے میں لاعدم قرار دیتا ہوں میرے اپنے خاندان کا ہے۔۔۔ ابن ربیعہ بن الحارث کے دودھ پیتے بیٹے کا

www.ksars.org

## منتخب مضامین

## خطبہ حجۃ الوداع

خون جسے بنو ہذیل نے مار ڈالا تھا۔۔۔اب میں معاف کرتا ہوں۔۔۔دورِ جاہلیت کا سود اب کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔۔۔پہلا سود جسے میں چھوڑتا ہوں عباس بن عبدالمطلب کے خاندان کا سود ہے۔

اب یہ ختم ہو گیا ہے۔۔۔قرض قابل ادائیگی ہے۔۔۔عاریتاً لی ہوئی چیز واپس کرنی چاہیئے۔۔۔تحفہ کا بدلہ دینا چاہیئے۔۔۔اور جو کوئی کسی کا ضامن بنے وہ تاوان ادا کرے۔۔۔کسی کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ۔۔۔اپنے بھائی سے کچھ لے سوائے اس کے جس پر اس کا بھائی راضی ہو اور خوشی خوشی دے۔۔۔خود پر اور ایک دوسرے پر زیادتی نہ کرو۔

دیکھو! تمہارے اوپر تمہاری عورتوں کے حقوق ہیں۔۔۔اسی طرح ان پر تمہارے حقوق واجب ہیں۔۔۔عورتوں سے بہتر سلوک کرو۔۔کیوں کہ۔۔۔وہ تمہاری پابند ہیں۔۔۔چنانچہ ان کے بارے میں اللہ کا لحاظ رکھو۔۔۔کہ تم نے انہیں۔۔۔اللہ کے نام پر حاصل کیا اور اسی کے نام پر وہ تمہارے لیے حلال ہوئیں۔

میں تمہارے درمیان ایسی چیز چھوڑے جا رہا ہوں۔۔۔اگر اس پر قائم رہو گے تو تم گمراہ نہیں ہو گے اور وہ اللہ کی کتاب اور میری سنت ہے۔۔۔اور ہاں دیکھو۔۔۔دینی معاملات میں غلو سے بچنا کہ تم سے پہلے کے لوگ۔۔۔انہی باتوں کے سبب ہلاک کر دیئے گئے۔

شیطان کو اس بات کی کوئی توقع نہیں رہ گئی ہے کہ۔۔۔اب اس شہر میں اس کی عبادت کی جائے لیکن اس کا امکان ہے کہ۔۔۔ایسے معاملات میں جنہیں تم کم اہمیت دیتے ہو۔۔۔اس کی بات مان لی جائے۔۔۔اور وہ اسی پر راضی ہے۔۔۔اس لیے تم اس سے اپنے دین و ایمان کی حفاظت کرنا۔

لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو۔۔۔پانچ وقت کی نماز ادا کرو۔۔۔مہینہ بھر کے روزے رکھو۔۔۔اپنے مالوں کی زکوٰۃ خوش دلی کے ساتھ دیتے رہو۔۔۔اللہ کے گھر حج کرو۔۔۔اور اپنے اہلِ امر کی اطاعت کرو تو اپنے رب کی جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔۔۔اب مجرم خود ہی اپنے جرم کا ذمہ دار ہو گا۔۔۔اب نہ باپ کے بدلہ۔۔۔بیٹا پکڑا جائے گا۔۔۔نہ بیٹے کا بدلہ۔۔باپ سے لیا جائے گا۔

سنو! جو لوگ یہاں موجود نہیں ہیں انہیں چاہیئے کہ۔۔۔یہ احکام اور یہ باتیں ان لوگو کو بتا دیں۔۔۔جو یہاں نہیں ہیں۔۔۔ہو سکتا ہے کہ کوئی غیر موجود تم سے زیادہ سمجھنے اور محفوظ رکھنے والا ہو۔

لوگو! تم سے میرے بارے میں سوال کیا جائے گا۔۔۔بتاؤ تم کیا جواب دو گے؟

www.ksars.org

## منتخب مضامین

## خطبہ حجۃ الوداع

لوگوں نے جواب دیا کہ ۔۔۔ ہم اس بات کی شہادت دیں گے کہ ۔۔۔ آپ ﷺ نے امانت پہنچادی ۔۔۔ اور آپ ﷺ نے حق رسالت ادا فرمایا ۔۔۔ اور ہماری خیر خواہی فرمائی۔

یہ سن کر حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے اپنی انگشت شہادت آسمان کی جانب اُٹھائی اور لوگوں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے تین مرتبہ فرمایا

اے اللہ ! گواہ رہنا ۔۔۔ اے اللہ ! گواہ رہنا ۔۔۔ اے اللہ ! گواہ رہنا

(حضرت ابو بکر صدیق۔ مسلم القسامۃ والمحاربین۔ ح 4383)

www.ksars.org

# اسمائے الٰہی سے علاج

(بشکریہ کتاب روحانی نماز)

لوح محفوظ کا قانون ہمیں بتاتا ہے کہ ازل سے ابد تک صرف لفظ کی کارفرمائی ہے۔ حال، مستقبل اور ازل سے ابد تک کا درمیانی وقفہ لفظ کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ کائنات میں جو کچھ ہے وہ سب کا سب اللہ تعالیٰ کا فرمایا ہوا لفظ ہے۔ یہ لفظ اللہ تعالیٰ کا اسم ہے۔ اسی اسم کی مختلف طرزوں سے نئی نئی تخلیقات وجود میں آتی ہیں اور آتی رہیں گی۔ اللہ تعالیٰ کا اسم ہی پوری کائنات کو کنٹرول کرتا ہے۔ لفظ یا اسم کی بہت سی قسمیں ہیں۔ ہر قسم کے اسم الفاظ کا ایک سردار ہوتا ہے اور وہی سردار یا اسم اپنی قسم کے تمام اسماء کو کنٹرول کرتا ہے۔ یہ سردار اسم بھی اللہ تعالیٰ کا اسم ہوتا ہے اور اسی اسم کو اسم اعظم کہتے ہیں۔

اسماء کی حیثیت روشنیوں کے علوہ کچھ نہیں۔ ایک طرز کی جتنی بھی روشنیاں ہیں، ان کو کنٹرول کرنے والا اسم بھی ان ہی روشنیوں کا مرکب ہے اور یہ اسماء کائنات میں موجود اشیاء کی تخلیق کے اجزا ہوتے ہیں۔ مثلاً انسان کے اندر کام کرنے والے تمام تقاضے اور پورے حواس کو قائم رکھنے والا اسم ان سب اسم کا سردار ہوتا ہے اور یہی اسم اعظم کہلاتا ہے۔

## جنات کی نوع کا اسم اعظم الگ ہے

نوع جنات کے لئے اسم اعظم ہے۔ نوع انسان کے اوپر الگ اسم اعظم کی حکمرانی ہے۔ نوعِ نباتات کے لئے الگ، نوع جمادات کے لئے الگ اور نوع ملائکہ کے لئے الگ اسم اعظم ہے۔ کسی نوع سے تعلق اسم اعظم کو جاننے والا صاحب علم اس نوع کی کامل طرزوں، تقاضوں اور کیفیات کا علم رکھتا ہے۔

## گیارہ ہزار اسمائے الٰہیہ

انسان کے اندر پورے تقاضوں اور جذبات کے ساتھ دو حواس کام کرتے ہیں۔ ایک طرح کے حواس خواب میں اور دوسری طرح کے حواس بیداری میں کام کرتے ہیں۔ ان دونوں حواس کو اگر ایک جگہ جمع کر دیا جائے تو ان کی تعداد گیارہ ہزار ہوتی ہے۔ اور ان گیارہ ہزار کیفیات یا تقاضوں کے اوپر ہمیشہ ایک اسم غالب رہتا ہے۔ اس کو اس طرح بھی کہا جا سکتا ہے کہ انسان کی زندگی میں اللہ تعالیٰ کے جو اسماء کام کر رہے ہیں ان کی تعداد تقریباً گیارہ ہزار ہے اور ان گیارہ ہزار اسماء کو جو اسم کنٹرول کرتا ہے وہ اسم اعظم ہے۔ ان گیارہ ہزار اسماء میں سے ساڑھے پانچ ہزار اسماء خواب میں کام کرتے ہیں۔ انسان چونکہ اشرف المخلوقات ہے اس لئے اللہ تعالیٰ کے قانون کے مطابق انسان کے اندر کام کرنے والا ہر اسم کسی دوسری نوع کے لئے اسم اعظم کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہی وہ اسماء ہیں جن کا علم اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ سکھایا ہے۔

www.ksars.org

تکوین یا اللہ تعالیٰ کے ایڈمنسٹریشن (Administration) کو چلانے والے حضرات یا صاحبِ خدمت اپنے اپنے عہدوں کے مطابق ان اسماء کا علم رکھتے ہیں۔

اسم ذات کے علاوہ اللہ تعالیٰ کا ہر اسم اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہے جو کامل طرزوں کے ساتھ اپنے اندر تخلیقی قدریں رکھتا ہے۔ تخلیق میں کام کرنے والا سب کا سب قانون اللہ کا قانون ہے۔

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضُ ط

اور یہی اللہ کا نور لہروں کی شکل میں نباتات، جمادات، حیوانات، انسان، جنات اور فرشتوں میں زندگی کی تمام تحریکات پیدا کرتا ہے۔ پوری کائنات میں قدرت کا یہی فیضان جاری ہے کہ کائنات میں ہر فرد نور کی ان لہروں کے ذریعے ایک دوسرے کے ساتھ منسلک اور وابستہ ہے۔

کہکشانی نظاموں اور ہمارے درمیان بڑا مستحکم رشتہ ہے۔ پے در پے جو خیالات ذہن میں آتے ہیں وہ دوسرے نظاموں اور آبادیوں سے ہمیں موصول ہوتے رہتے ہیں۔ نور کی یہ لہریں ایک لمحہ میں روشنی کا روپ دھار لیتی ہیں۔ روشنی کی یہ چھوٹی بڑی لہریں ہم تک بے شمار تصویر خانے لے کر آتی ہیں۔ ہم ان ہی تصویر خانوں کا نام واہمہ، خیال، تصور اور تفکر رکھ دیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

لوگو! مجھے پکارو، میں سنوں گا۔ مجھ سے مانگو، میں دوں گا۔

کسی کو پکارنے یا مانگنے کے لئے ضروری ہے کہ اس ہستی کا تعارف ہمیں حاصل ہو اور ہم یہ جانتے ہوں کہ جس کے آگے ہم اپنی احتیاج پیش کر رہے ہیں وہ ہماری احتیاج پوری کر سکتا ہے یا نہیں۔

اس بات پر یقین کرنے کے لئے ہمیں یہ سمجھنا پڑے گا کہ وہ کون سی ذات والا صفات ہے جس سے ہم روزانہ ایک لاکھ سے بھی زیادہ خواہشات پوری کرنے کی تمنا کریں تو وہ پوری کر سکتا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ ذات یکتا اللہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی صفات کا تذکرہ اپنے ناموں سے کیا ہے۔ سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ کا ارشادہ۔

ترجمہ اور اللہ کے اچھے اچھے نام ہیں۔ پس ان اچھے ناموں سے اسے پکارتے رہو۔

www.ksars.org

سورہ احزاب میں ارشاد ہے۔

ترجمہ ایمان والو! اللہ کا ذکر کثرت سے کرتے رہوں، اور صبح و شام اس کی تسبیح میں لگے رہو۔

اللہ تعالیٰ کا ہر اسم ایک چھپا ہوا خزانہ ہے۔ جو لوگ ان خزانوں سے واقف ہیں جب وہ اللہ کا نام ورد زبان کرتے ہیں تو ان کے اوپر رحمتوں اور برکتوں کی بارش برستی ہے۔ عام طور پر اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام مشہور ہیں۔ اس بیش بہا خزانے سے فائدہ اٹھانے کے لئے ہر نام کی تاثیر اور پڑھنے کا طریقہ الگ الگ ہے۔

کسی اسم کی بار بار تکرار سے دماغ اس اسم کی نورانیت سے معمور ہو جاتا ہے اور جیسے جیسے اللہ تعالیٰ کے اسم کے انوار دماغ میں ذخیرہ ہوتے ہیں اسی ماسبت سے بگڑے ہوئے کام بنتے چلے جاتے ہیں اور حسب دلخواہ نتائج مرتب ہوتے رہتے ہیں۔ لیکن جس طرح اثرات مرتب ہوتے ہیں اسی طرح گناہوں کی تاریکی ہمارے اندر روشنی کو دھندلا دیتی ہے۔ کوتاہیوں اور

خطاؤں سے آدمی کثافتوں، اندھروں اور تعفن سے قریب ہو جاتا ہے اور اللہ کے نور سے دور ہو جاتا ہے۔

جب کوئی بندہ جانتے بوجھتے گناہوں اور خطاؤں کی زندگی کو زندگی کا مقصد قرار دے لیتا ہے تو وہ اس آیت کی تفسیر بن جاتا ہے۔

''مہر لگادی اللہ نے ان کے دلوں پر اور کانوں پر اور آنکھوں پر

پردہ ڈال دیا ہے اور ان لوگوں کے لئے دردناک عذاب ہے۔''

اللہ تعالیٰ کا ہر اسم اللہ تعالیٰ کی صفت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی ہر صفت قانونِ قدرت کے تحت فعال اور متحرک ہے۔ ہر صفت اپنے اندر طاقت اور زندگی رکھتی ہے۔ جب ہم کسی اسم کا ورد کرتے ہیں تو اس اسم کی طاقت اور تشخیر کا ظاہر ہونا ضروری ہے۔ اگر مطلوبہ فوائد حاصل نہ ہوں تو ہمیں اپنی کوتاہیوں اور پر خطا طرزِ عمل کا جائزہ لینا چاہیئے۔ ہم یہ بات جانتے ہیں کہ علاج میں دوا کے ساتھ پرہیز ضروری ہے اور بدپرہیزی سے دوا غیر مؤثر ہو جاتی ہے۔ کوتاہیوں اور خطاؤں کے مرض میں جو پرہیز ضروری ہے وہ یہ ہے۔ حلال روزی کا حصول، جھوٹ سے نفرت، سچ سے محبت، اللہ کی مخلوق سے ہمدردی، ظاہر اور باطن میں یکسانیت، منافقت سے دل بیزاری، فساد اور شر سے احتراز، غرور اور تکبر سے اجتناب۔ کوئی منافق، سخت دل، اللہ کی مخلوق کو کمتر جاننے والا اور خود کو دوسروں سے برتر سمجھنے والا بندہ اسمائے الٰہیہ کے خواص سے فائدہ نہیں حاصل کر سکتا۔ کسی اسم کا ورد کرنے سے پہلے مذکورہ بالا صلاحیتوں اور اوصاف کو اپنے اندر پیدا کرنا ضروری ہے۔ بیان کردہ علاج اور پرہیز کے ساتھ آپ کو یقیناً اسمائے الٰہیہ کے فوائد و ثمرات اسی طرح حاصل ہوں گے جس طرح ہمارے بزرگ مستفیض ہوتے رہے ہیں اور اب بھی انہیں فائدے پہنچتے ہیں۔

www.ksars.org

منتخب مضامین اسمائے الٰہی سے علاج

## اجازت

قانون یہ ہے کہ کوئی عامل کسی دوسرے کو اپنا عمل بخش دے تو جسے یہ عمل بخشا گیا ہے اس کے اندر بھی یقین کا وہی پیٹرن (PATTERN) بن جاتا ہے جو عامل کا ہے اور ذہن میں یہ بات راسخ ہو جاتی ہے کہ ایسا ہم کریں گے تو ایسا ہو گا۔ یہ بات ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ آدمی کے اندر یقین کی قوت جتنی ہوتی ہے اسی مناسبت سے نتائج مرتب ہوتے ہیں۔

کوئی وظیفہ یا عمل کرنے سے پہلے ضروری کہ عمل کرنے والا اجازت یافتہ ہو۔

باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر دعا کی طرح ہاتھ اٹھالیں۔ ایک مرتبہ یَاحَفِیظُ پڑھ کر دم کریں اور ہاتھ تین بار چہرے پر پھیر لیں۔ پھر دعا کی طرح ہاتھ باندھ کر ایک مرتبہ یَاحَفِیظُ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور ہتھ چہرے پر تین بار پھیر لیں۔ اسی طرح تیسری بار ہاتھ باندھ کر ایک بار یَاحَفِیظُ پڑھ کر دم کریں اور تین دفعہ چہرے پر پھیریں۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے کامیابی اور کامرانی کی دعا کریں۔ کسی ضرورت مند کو سوا پانچ روپے خیرات کر دیں۔ اب آپ اس کتاب میں لکھے ہوئے اسمائے الٰہیہ کا ورد کر سکتے ہیں۔

دوجگ کے تاج دار سرور کونین حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وسیلے سے پہلے رب العزت کی بارگاہ میں دعا ہے کہ ہم سب پر اپنی رحمت نازل فرمائے، آمین۔

www.ksars.org

منتخب مضامین　　　　اسمائے الٰہی سے علاج

## احساس کمتری کا علاج

احساس کمتری ایک ایسا جذبہ ہے جس میں آدمی بات بے بات رنج و غم میں مبتلا رہتا ہے اور معمولی سے معمولی بات کو اپنے لئے پریشانی بنا کر افسردہ دل ہو جاتا ہے اور یہ بات اس وقت پیدا ہوتی ہے جب آدمی کے اندر قوت ارادی کمزور ہو جاتی ہے۔ کمزور قوت ارادی کی وجہ سے بنے بنائے کام بگڑ جاتے ہیں۔ بار بار ایسا ہونے سے آدمی احساس کمتری میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ یَااَللّٰہُ پڑھنے سے قوت ارودی میں اضافہ ہوتا ہے۔ غیر مستقل مزاجی دور ہو جاتی ہے اور بگڑے ہوئے حالات درست ہو جاتے ہیں۔

سینہ اور پسلیوں میں درد ہوت ودرد کی جگہ سات مرتبہ یَااَللّٰہُ انگشت شہادت سے مریض کے سینے پر لکھیں، درد سے نجات مل جائے گی۔

## آنکھوں میں روشنی

سٹیل کے برتن میں پانی پکا کر ٹھنڈا کریں، زوال کے وقت ۱۴ مرتبہ یَارَحْمٰنُ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ دم شدہ پانی چاندی کی سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

اس اسم کی برکت سے آنکھوں کے امراض میں جو گرمی، سردی، چوٹ، گرد و غبار اور دھواں سے لاحق ہوتے ہیں، ختم ہو جاتے ہیں۔

## ہر دل عزیز ہونے کا طریقہ

بلند مرتبہ حاصل کرنے، عزت و وقار کے ساتھ رہنے، اپنے پرایوں میں ہر دل عزیز ہونے، نیز چہرہ میں وجاہت اور کشش پیدا کرنے کے لئے فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد ایک سو ایک مرتبہ یَارَحِیْمُ کا ورد کریں اور ہاتھ چہرے پر پھیر لیں۔

## مقدمہ میں کامیابی

فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد یا رات کو سونے سے پہلے اول و آخر ۳۳۔۳۳ بار درود شریف کے ساتھ تین سو بار یَامَلِکُ پڑھنے سے آدمی دشمن کے شر سے محفوظ رہتا ہے اور اللہ تعالیٰ مقدمہ میں کامیابی عطا فرماتے ہیں۔

منتخب مضامین　　　　اسمائے الٰہی سے علاج

www.ksars.org

# منتخب مضامین

# اسمائے الٰہی سے علاج

## سعادت منداولاد

شادی کے بعد اللہ تعالیٰ خوشی کا دن دکھائیں اور ماں کی کوکھ بھر جائے تو صبح شام سو مرتبہ یَاقُدُّوسُ پڑھ کر ماں اپنے پیٹ پر پھونک مارے۔ بچہ خوش اخلاق، باکردار، خوبصورت اور والدین کا فرماں بردار پیدا ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے اس نام کی برکت سے یہ بچہ ایسے اوصاف کا حامل ہوتا ہے کی معاشرہ میں عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور مخلوق کے دل میں اس کی عزت جاگزیں ہوتی ہے۔

## ہر قسم کی بیماری سے نجات

اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے، وضوبے وضو یَاسَلاَمُ کا ورد کرنے سے ادمی آفات ارضی و سماوی سے اور دنیاوی مصیبتوں سے محفوظ رہتا ہے۔

۳۳ تینتیس مرتبہ پانی پر دم کرکے بیمار کو پلانے سے ہر قسم کی بیماری دور ہو جاتی۔ اس اسم مبارک کی برکت سے گھر میں رزق کی فراوانی ہو جاتی ہے۔

## محبت والا شوہر

عشاء کی نماز کے بعد گیارہ سو مرتبہ یَامُؤمِنُ پڑھ کر آنکھیں بند کرکے بیٹھ جائیں اور یہ تصور کریں کہ میں عرش کے سائے میں ہوں اور شوہر نیچے ہے۔ جب یہ تصور قائم ہو جائے تو شوہر کے اوپر پھونک ماردیں۔ بات کئے بغیر بستر میں چلی جائیں اور شوہر کا تصور کرتے کرتے سو جائیں۔ انشاءاللہ خاوند کی طرف سے بداخلاقی، بُرائی، زیادتی کا اظہار نہیں ہوگا۔ اس عمل کی برکت سے شوہر بیوی کا گرویدہ ہو جاتا ہے۔ اگر کسی شوہر کے ساتھ بیوی کا سلوک اچھا نہ ہو تو یہ عمل شوہر بھی کرسکتا ہے۔ نتائج دونوں صورتوں میں ایک سے مرتب ہوں گے۔

## غیبی انکشافات

تہجد کی نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ یَامُھَیمِنُ پڑھ کر مراقبہ کرنے سے غیب کی دنیا سامنے آجاتی ہے اور گمشدہ چیزیں ارادہ کے ساتھ نظر کے سامنے اجاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا یہ اسم تین روز تک ایک ہزار ایک سو مرتبہ پڑھنا استخارہ ہے۔ اللہ کے فضل و کرم سے تین روز میں صحیح بات معلوم ہو جاتی ہے۔ رات کو سونے سے پہلے دو رکعت نماز نفل ادا کریں اور گیارہ سو مرتبہ یَامُھَیمِنُ پڑھ کر جو بات معلوم کرنی ہے اس کو دل ہی دل میں دہراتے دہراتے سو جائیں۔

www.ksars.org

منتخب مضامین اسمائے الٰہی سے علاج

## ملازمت میں ترقی

کسی شخص کو ملازمت نہ ملتی ہو۔نوکری سے برخاست ہوگیا ہو یا ترقی کی بجائے عہدہ یا منسب گرادیا گیا ہو اور ہر طرح کی کوشش کرنے کے باوجود کامیابی نہ ہوتی ہو ایسی صورت میں آدھی رات گزرنے کے بعد باوضو دو نفل ادا کرنے کے بعد ننگے سر، وبلہ کھڑے ہو کر تین سو مرتبہ **یَاعَزِیزُ** پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ مقصد پورا ہونے کی دعا کی جائے۔انشاءاللہ عمل کرنے والا شخص اپنے عہدہ پر دوبارہ فائز ہو جائے گا اور اسے مزید ترقی نصیب ہوگی۔

## کمزور بچے

ایک سیر خالص سرسوں کے تیل پر گیارہ دن تک ایک ہزار مرتبہ روزانہ یَاجَبَّارُ پڑھ کر دم کریں۔اب اس تیل کو ان بچوں کے جسم پر مالش کریں جو لاغر اور کمزور ہوں اور جن کی نشوونما پیدائشی طور پر پوری ختم ہو جائے گا۔چاندی کی انگوٹھی پر یاَجَبَّارُ کندہ کرا کر انگوٹھی پہننے سے معاشرہ میں عزت و توقیر حاصل ہوتی ہے۔

## کاروبار میں ترقی

کسی کاروبار کی ابتداء کرنے سے پہلے صبح، دوپہر، شام و رات **یَامُتَکَبِّرُ** پڑھنے سے کامیابی یقینی ہو جاتی ہے۔اس اسم کا مستقل ورد کرنے والا منکسر المزاج ، حلیم الطبع ہوتا ہے۔لوگوں کے ساتھ حسن اخلاق اور خندہ پیشانی سے پیش آتا ہے۔اللہ کی مخلوق کی خدمت کرنا اپنے لئے باعث سعادت اور برکت سمجھتا ہے اور لوگوں میں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

## آسیب سے نجات

اگر کسی گھر میں آسیب کا شبہ ہو اور گھر میں رہنے والے لوگ یہ محسوس کریں کہ اس گھر میں جن یا بھوت پریت کا بسیرا ہے یا گھر میں سانپ وغیرہ نظر آتے ہوں تو ایک کاغذ پر اکیس مرتبہ یَا قَھَّارُ لکھ کر گھر میں ہرے بھرے درخت کی شاخ میں باندھ دیں۔اگر گھر میں درخت موجود نہ ہو تو گھر کے قریب کسی درخت میں یہ تعویذ باندھ دیں۔اللہ کے فضل و کرم سے گھر آسیب اور دوسری بلاؤں سے بالکل محفوظ رہے گا۔

منتخب مضامین اسمائے الٰہی سے علاج

www.ksars.org

# منتخب مضامین

# اسمائے الٰہی سے علاج

## پڑھنے میں دل نہ لگنا

ماں باپ کو اولاد کی طرف سے یہ شکایت رہتی ہے کہ بچے پڑھنے لکھنے میں دلچسپی نہیں لیتے۔ دلچسپی نہ ہونے کی بناپر بچے کند ذہن ہو جاتے ہیں۔ اگر ان کو کچھ پڑھایا جاتا ہے تو وہ بھول جاتے ہیں۔ بچوں کے اندر سے کند ذہنی ختم کرنے کے لئے اور علم کا شوق اجاگر کرنے کے لئے چالیس دن صبح نہار منہ اکیس مرتبہ **یَاعِلِیمُ** پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔ ذہن تیز، حافظہ روشن اور دماغ طاقت ور ہو جائے گا۔

## عقیدہ کی کمزوری

انسان کے اندر جب عقیدہ کمزور ہو جاتا ہے تو طرح طرح کے وسوسوں میں گرفتار ہو جاتا ہے۔ کبھی خیال آتا ہے میرے اوپر کسی نے جادو کر دیا، کبھی سوچتا ہے کہ میرے اوپر کسی جن بھوت کا اثر ہے۔ شیاطان اس کے دماغ میں یہ بات بھی ڈالتا ہے کہ اسے کسی کی بدعا لگ گئی ہے۔ لیکن جب وہ خود اپنا محاسبہ کرتا تو اس کے سامنے ایسی کوئی بات نہیں آتی جس کی بناء پر کوئی اسے بدعا دے۔ یہ بات بھی اس کی سمجھ میں نہیں آتی کہ اس کا کون دشمن ہے اس لئے کہ وہ خود کسی کے ساتھ بُرائی نہیں کرتا۔ اس قسم کے وسوسوں اور کثیف خیالات سے محفوظ رہنے کے لئے رات کو سوتے وقت ایک گیارہ مرتبہ **یَاقَابِضُ** پڑھنا نہایت مفید ہے اور مجرب عمل ہے۔

## وسائل میں اضافہ

فجر کی نماز ادا کرنے ایسی جگہ بیٹھئے جہاں سے نکلتا ہوا سورج نظر آئے۔ جیسے ہی افق سے سورج کی ٹکیہ نمودار ہو **یَابَاسِطُ** پڑھنا شروع کر دیں۔ ۶۳ (تریسٹھ) مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور ہاتھ چہرے پر پھیر کر اٹھ جائیں۔ عمل کی مدت چالیس روز ہے۔ اس عمل سے وسائل میں اضافہ ہوتا ہے۔ بدحالی اور افلاس دور ہو جاتا ہے۔ اس عمل کی اجازت صرف ان لوگوں کے لئے ہے، خدانخواستہ جن کے گھروں میں مفلسی نے ڈیرے ڈال دیئے ہیں اور کوئی راستہ کھلتا ہوا نظر نہیں آتا۔

## سخت گیر حاکم کی تسخیر

ہر ماہ کے چاند کی چودہویں شب کو آدھی رات کے وقت سو مرتبہ **یَارَافِعُ** پڑھنے سے بندہ کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت راسخ ہو جاتی ہے اور وہ دنیا میں ہر کام اللہ کی خوشنودی کے لئے کرتا ہے۔

وَالرَّ سِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُلُوْنَ اٰمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِّنْ عِنْدَ رَبِّنَا

www.ksars.org

منتخب مضامین

# اسمائے الٰہی سے علاج

''اور وہ لوگ جو راسخ فی العلم ہوتے ہیں۔ کہتے ہیں

ہمارا ایمان ہے کہ ہر چیز ہمارے پروردگار کی طرف سے ہے۔''

کسی بدخو شخص یا سخت گیر حاکم کے سامنے جاتے ہوئے گھبراہٹ اور خوف لاحق ہو تو یَا رَافِعُ پڑھتے ہوئے جائیں۔ حاکم کی سخت گیری رحم دلی میں بدل جائے گی۔

## دشمن پر غلبہ

فجر کی نماز کے بعد پانچ سو دس مرتبہ یَا خَافِضُ کا ورد کرنے سے دلی مرادیں ہوتی ہیں۔ دشمن پر غلبہ حاصل ہوتا ہے۔

## سفر میں آسانی

مخلوق کی نظر میں عزت و وقار حاصل کرنے کے لئے اور اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے احتیاج نہ رکھنے کے لئے، سفر میں حفاظت اور آسانی حاصل کرنے کے لئے ہر نماز کے بعد سو مرتبہ یَا مُعِزُّ پڑھیں۔ راہِ سلوک کا کوئی مسافر جمعہ کے بعد سے عصر کی نماز تک یَا سَمِعُ پڑھے تو قوت سماعت میں اضافہ ہوتا ہے اور کان فرشتوں کی آوازوں سے آشنا ہو جاتے ہیں۔ مگر یہ عمل اپنے پیر و مرشد کی اجازت سے کرنا چاہیئے۔ پیر و مرشد کا روحانی علوم سے واقف ہونا ضروری ہے۔

## رضائے الٰہی

یَا عَدلُ کی تاثیر یہ ہے کہ اس نام کا ورد رکھنے والا ہر معاملہ میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہے اور راضی برضا رہتا ہے۔ اچھے لوگوں کو دوست رکھتا ہے اور ظالم و جابر لوگوں سے دور رہتا ہے۔

## حسبِ منشاء شادی

آج کل لڑکیوں کا مسئلہ ماں باپ کے لئے پریشانی کا سبب بنا ہوا ہے۔ گھر گھر شادی کے انتظار میں لڑکیاں بوڑھی ہو رہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ ماں باپ کی راتوں کی نیند حرام ہو گئی ہے۔ اس گھمبیر مسئلہ کے حل کے لئے یَا لَطِیفُ کا عمل نہایت مجرب ہے۔

پڑھنے کا آسان طریقہ یہ ہے

www.ksars.org

منتخب مضامین　　　　اسمائے الٰہی سے علاج

ایک تسبیح میں ۱۲۹ دانے ڈالے جائیں اور ۱۲۹ مرتبہ تسبیح پڑھی جائے۔ اور ہر تسبیح کے بعد ۔۔۔ کو تین دفعہ پڑھ کر زبان سے مقصد بیان کرے اور پھر یَالَطِیفُ کی تسبیح پڑھنا شروع کر دے۔ اسی طرح سارا عمل ختم کیا جائے مگر عمل پورا کرے میں بہت زیادہ ہوشیاری کی ضرورت ہے۔ اگر کبھی زیادتی ہو جائے تو تاثیر باقی نہیں رہے گی۔

## استخارہ

اگر کسی کام کے لئے استخارہ کرنا چاہیں تو اول وقت عشاء کی نماز پڑھ کر ۱۰۰ا مرتبہ یَاخَبِیرُ پڑھیں اور بات کئے بغیر کان کے نیچے ہاتھ رکھ کر سیدھی کروٹ سو جائیں۔ انشاءاللہ خواب میں معلومات حاصل ہو جائیں گی۔ یَاخَبِیرُ کا کثرت سے ورد کرنے والا قدرت کے فارمولوں سے واقف ہو جاتا ہے اور اس کے سامنے یہ بات آجاتی ہے کائنات کی تخلیق کس طرح عمل میں آئی ہے۔ فرشتے، جنات، حیوانات، نباتات، جمادات اور انسان کی تخلیق میں کون کون سی معین مقداریں کام کر رہی ہیں۔

## افلاس سے بچنے کے لئے

صبح بیدار ہونے کے بعد اور رات کو سونے سے پہلے چند بار یَاعَظِیمُ پڑھنے سے عمر اور اقبال میں اضافہ ہوتا ہے۔ یہ اسم آیت الکرسی کی تفسیر اور اس کے اندر اسم اعظم کی طرف اشارہ ہے۔ یَاعَظِیمُ کا ورد کرنے والا کبھی مفلس اور قلاش نہیں رہتا۔

## رزق میں فراوانی

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا ہے۔ ”اے آل داؤد شکر کو اپنا شعار بنالو کہ شکر کرنے والے بندے قلیل ہیں۔“

یَاشَکُورُ کا ترجمہ۔ اے قدر دان نہایت قدر کرنے والے

اس مبارک نام کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو سونے سے پہلے اکتالیس مرتبہ یا سو مرتبہ پڑھتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بندہ بن جاتا ہے اور جب کوئی بندہ شکر کو اپنا شعار بنالیتا ہے تو اس کے وسائل میں فراوانی اور رزق میں برکت ہوتی ہے۔

منتخب مضامین　　　　اسمائے الٰہی سے علاج

www.ksars.org

## منتخب مضامین

## اسمائے الٰہی سے علاج

### دورانِ سفر آسانیاں

سفر جہاز کا ہو، کشتی کا ہو یا ریل کا، سفر کرنے سے پہلے کاغذ پر تین تین خانوں اور چار چار سطروں میں یَا حَفِیظُ لکھ کر کاغذ کو تہہ کرکے تعویذ بنالیں اور یہ تعویذ اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ اللہ تعالیٰ سفر کی ہر صعوبت سے محفوظ رکھے گا اور دورانِ سفر غیب سے آسانیاں میسر ہوں گی۔ یہی تعویذ بچوں کی نظر ختم کرنے میں بھی بہت مفید ہے۔ تعویذ موم جامہ کرکے نیلے رنگ کے کپڑے میں سی کر گلے میں ڈال دیں۔ اگر کسی آدمی کو کسی شخص یا کسی چیز سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو ایک جمعرات سے دوسری جمعرات تک روزانہ ستر ستر مرتبہ یَا حَسِیبُ پڑھے۔

### عزت و مرتبہ میں اضافہ

اللہ تعالیٰ کا نام یَا جَلِیلُ چاندی کے پترے پر کندہ کرا کے اپنے پاس رکھنے سے عزت و مرتبہ میں اضافہ ہوتا ہے۔

کرم کرنا اللہ تعالیٰ کی ایک ایسی صفت ہے جس پر ساری کائنات قائم ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ کا کرم محیط نہ ہو تو دنیا ایک سیکنڈ بھی قائم نہیں رہ سکتی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے زیادہ فیض یاب ہونے کے لئے روزانہ رات کو سوتے وقت چِت لیٹ کر ایک سو ایک مرتبہ یَا کَرِیمُ پڑھیں اور سینہ پر دم کرکے کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں۔ ایک نیند لینے کے بعد بات کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

### چوری اور ڈکیتی سے حفاظت

چوری، ڈکیتی اور دشمنوں سے گھر کی حفاظت کے لئے رات کو سونے سے پہلے یَا رَقِیبُ تین مرتبہ پڑھ کر گھر کے چاروں کونوں میں پھونک ماردیں۔ اللہ تعالیٰ حفاظت کریں گے۔ اگر کوئی شخص ناسور میں مبتلا ہو اور ناسور کسی طرح اچھا نہ ہوتا ہو تو تین سو مرتبہ یَا رَقِیبُ پڑھ کر زخم پر دم کیا جائے۔ آہستہ آہستہ اس مرض سے نجات مل جاتی ہے۔

### سر میں درد

کسی شخص کے سر میں اس قسم کا درد ہو جس کی بظاہر کوئی تشخیص نہ ہو سکے اور کسی علاج سے فائدہ نہ ہو، اس کے لئے سامنے بٹھا کر مریض سے کہا جائے کہ وہ دونوں ہاتھوں سے اپنا سر پکڑے۔ عامل دل ہی دل میں سات مرتبہ یَا مُجِیبُ پڑھے اور زور سے دستک دے۔ جیسے ہی عامل دستک دے مریض سر پر سے ہاتھ اٹھالے۔ چند روز کے اس عمل سے سر درد کا عارضہ ختم ہو جاتا ہے۔

www.ksars.org

منتخب مضامین

# اسمائے الٰہی سے علاج

## زہریلے جانور کا کاٹنا

حشرات الارض سانپ، بچھو، بھڑ، تتیا کوئی بھی زہریلا جانور کاٹ لے۔ سات بار گیارہ گیارہ مرتبہ یَاوَاسِعُ پڑھ کر دم کریں۔

## صلح وصفائی کے لئے

آپس میں نااتفاقی ختم کرنے اور صلح صفائی کے لئے یَاحَکِیمُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔ اگر کسی وجہ سے پانی پلانا ممکن نہ ہو تو فریقین کے تکیوں پر دم کریں۔ یہ کام بھی مشکل ہو تو ایک سو ایک مرتبہ یَاحَکِیمُ پڑھ کر فریقین کا تصور کریں اور دم کریں۔

## کشف القبور

تصوف میں ایک مقام کشف القبور ہے۔ یعنی مرنے کے بعد جس مقام پر روحیں رہتی ہیں وہاں وہ کس حال میں ہیں، جس طرح زندگی گزار رہی ہیں اور اس دنیا کے شب وروز اور ماہ وسال کیسے ہیں نیز روحوں سے بات چیت اور ملاقات کے عمل کو کشف القبور کہا جاتا ہے۔ اس صلاحیت کو بیدار کرنے کے لئے کسی سلسلہ میں بیعت ہونا ضروری ہے۔ پیر ومرشد کا کرم شامل حال ہو اور مرید کے اندرونی روحانی صلاحیتیں بیدار ہونے لگیں تو یَابَاعِثُ پڑھنے سے وہ آنکھ کھل جاتی ہے۔ جو روحوں کو دیکھتی ہے، وہ کان کھل جاتے ہیں جو روحوں کی آواز سنتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے قوت گویائی عطا ہو جاتی ہے جس کے ذریعے روحوں سے بات چیت اور گفتگو ہوتی ہے۔

## تجلی کا انکشاف

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے میں ہی ابتداء ہوں، میں ہی انتہا ہوں، میں ہی ظاہر ہوں، میں ہی باطن اور اللہ ہر چیز کو محیط ہے۔ جو چیز ہر شے پر محیط ہے، سمجھنے کے لئے اسے ہم تجلی کہتے ہیں۔ تجلی الٰہی ہر چیز پر محیط ہے۔ یعنی ہر چیز تجلی میں بند ہے اور کائنات میں ہر تخلیق، وہ نوع ہو یا فرد، اس کی زندگی تجلی کے ساتھ قائم ودائم ہے۔ اللہ تعالیٰ کی حاضر وموجود صفت کا حامل اسم یَاشَہِیدُ بطور وظیفہ پڑھنے سے تجلی الٰہی کا انکشاف ہوتا ہے۔ جو بندہ یَاشَہِیدُ کی صفات اور حکمت کا مشاہدہ کر لیتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ کے دربار کی حاضری نصیب ہو جاتی ہے۔

## مایوسی کا خاتمہ

کام بن بن کر بگڑ جاتے ہوں، کسی کی سفارش کام نہ آتی ہو۔ آدمی محتاج اور مایوس ہو گیا ہو۔ ہر نماز کے بعد ایک سو ایک مرتبہ یَاوَکِیلُ پڑھنے سے محتاجی اور مایوسی ختم ہو جاتی ہے اور رکاوٹیں دور ہو جاتی ہیں۔

www.ksars.org

## منتخب مضامین

## اسمائے الٰہی سے علاج

### حاملہ کی حفاظت

عورت حمل کے زمانے میں کمزور ہو جائے، طاقت کی دوائیں کام نہ کریں اور حمل کے زمانے کی تکلیفیں روز بروز بڑھتی چلی جائیں۔ پیروں پر زیادہ ورم آجائے۔ آنکھیں پیلی ہو جائیں۔ بلڈ پریشر بڑھ جائے۔ بار بار درد کا عارضہ لاحق ہو۔ کھانے پینے کی طرف طبیعت کا میلان نہ ہو۔ کچھ کھانے پینے سے متلی ہونے لگے۔ ان سب تکالیف سے نجات حاصل کرنے کے لئے پانی پر، کسی قسم کے پھل کے جوس پر، گلوکوز پر یا دوا پر گیارہ مرتبہ **یَاقَوِی** پڑھ کر دم کریں۔

### دودھ میں کمی

ماں کے سینے کو اللہ تعالیٰ نے بچوں کا دستر خوان بنایا ہے۔ پیدائش کے بعد اگر دودھ نہ اترے یا دودھ کم ہو تو بچہ کی غذائی ضروریات پوری نہیں ہوتیں۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے ڈبہ کے دودھ کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ قانون قدرت پر اگر غور کیا جائے تو ماں کا دودھ پینا بچہ کا فطری حق ہے اور جب مائیں اولاد اس کے حق کو پورا کرتی ہیں تو اولاد سعادت مند اور فرماں بردار اٹھتی ہے۔ دودھ کی اس کمی کو پورا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کا اسم **یَامَتِینُ** عجیب و غریب خاصیت رکھتا ہے۔ بچہ کو دودھ پلانے سے پہلے ماں گیارہ مرتبہ **یَامَتِینُ** پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے۔

### اللہ کے دوست

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں فرمایا ہے اللہ کے دوستوں کو خوف ہوتا ہے نا غم۔ **یَا وَلِیُّ** کا ترجمہ حمایتی اور دوست ہے۔ **یَا وَلِیُّ** کا ورد رکھنے والا عامل لوگوں کی نظروں میں دوستی کی علامت بن جاتا ہے اور اس کے اندر ایسے اوصاف حمیدہ پیدا ہو جاتے ہیں کہ مخلوق اسے عزیز رکھتی ہے۔ جس بندے کو اللہ کی مخلوق عزیز رکھتی ہے اور اللہ کے بندوں کے کام آتا ہے، اللہ تعالیٰ ایسے بندوں سے محبت کرتے ہیں اور جس سے اللہ تعالیٰ محبت کرتے ہیں وہ اللہ کا دوست ہوتا ہے۔

### وسوسوں اور بُری عادتوں سے نجات

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے شیطان انسان کا کھلا ہوا دشمن ہے۔ اور اس کا مشن یہ ہے کہ وہ انسان کو وسوسوں اور برائیوں میں مبتلا کر دے۔ برائیوں اور وسوسوں سے پیچھا چھڑانے کے لئے رات کے وقت اندھیرے میں بالکل تنہا بیٹھ کر ۹۳ مرتبہ **یَاحَمِیدُ** پڑھیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے بری عادتوں سے چھٹکارہ حاصل ہو جاتا ہے۔ عمل کی مدت پینتالیس روز ہے۔

www.ksars.org

منتخب مضامین　　　　اسمائے الٰہی سے علاج

صبح کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یَامُحصِیُ پڑھنے سے توکل پیدا ہوتا ہے اور مخلوق اس کے لئے مسخر ہو جاتی ہے۔ باریک باریک کاغذ کے ٹکڑوں پر ۱۲۵۰۰۰ مرتبہ یَامُحصیُ لکھ کر اور قینچی سے کاٹ کر آٹے کی گولیاں بنالیں اور ایسے پانی میں ڈال دیں جہاں مچھلیاں ہوں۔ طبیعت میں مستقل مزاجی پیدا ہو جائے گی۔ احساس کمتری، غصہ اور جھنجھلاہٹ سے نجات مل جائے گی۔

## وقت سے پہلے پیدائش

دیکھا گیا ہے کہ وقت پورا ہونے سے پہلے کبھی چھ ماہ اور کبھی سات مہینے میں بچے پیدا ہو جاتے ہیں۔ ایسے بچے کئی اعتبار سے کمزور ہوتے ہیں۔ اس افتاد سے بچنے کے لئے حاملہ کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر ننانوے مرتبہ یَامُبدِئُ حمل قرار پانے کے بعد روزانہ دو ماہ تک پڑھا جائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حمل ساقط نہیں ہو گا اور پیدائش وقت پر عمل میں آئے گی۔

## بچوں کا گُم ہو جانا

یَامُعِیدُ پڑھنا عمر رفتہ کی گناہوں کا کفارہ ہے۔ دائم المریض اگر ہر وقت یَامُعِیدُ پڑھنا دائم المریض اگر ہر وقت یَامُعِیدُ پڑھتا رہے تو تھوڑے دنوں میں مرض سے نجات مل جاتی ہے۔ بچے گم ہو جاتے ہیں تو ماں باپ کے اوپر قیامت ٹوٹ پڑتی ہے۔ دل کا چین اور قرار ختم ہو جاتا ہے۔ کسی کروٹ آرام نہیں ملتا۔ کھانا پینا سب مٹی بن جاتا ہے۔ آنکھوں سے نیند اڑ جاتی ہے۔ طرح طرح کے وسوسے اور پریشان کن پراگندہ خیالات سے ماں باپ مضطرب رہتے ہیں۔ جب گھر کے تمام افراد سو جائیں، آدھی رات کے وقت مکان کے چاروں کونوں پر ستر ستر مرتبہ یَامُعِیدُ پڑھ کر پھونک مار دیں۔ اللہ کی رحمت سے گم شدہ بچے واپس آجاتے ہیں یا ان کا سراغ مل جاتا ہے۔ ہزاروں والدین اس عمل کی بعکت سے اپنی کھوئی ہوئی جنت دوبارہ پا چکے ہیں۔

## شوہر کو راہ راست پر لانے کے لئے

جس شخص کے اوپر جنس کا غلبہ ہو اور وہ اپنے اوپر قابو نہ رکھتا ہو یا شوہر جنسی معاملہ میں دوسری عورتوں میں دلچسپی لیتا ہو اور بیوی کے حقوق پورے نہ کرتا ہو۔ ایسی صورت میں جس کے اوپر جنس کا غلبہ ہے یَامُمِیتُ پڑھتا پڑھتا سو جائے یا بیوی سو مرتبہ پڑھ کر شوہر کا تصور کرتے کرتے سو جائے۔

منتخب مضامین　　　　اسمائے الٰہی سے علاج

www.ksars.org

# منتخب مضامین

## اسمائے الٰہی سے علاج

### ہائی بلڈ پریشر کا علاج

زعفران اور عرق گلاب سے بلور کی پلیٹ پر مٹی کی کوری رکابی پر گیارہ مرتبہ یَاحَیُّ لکھ کر صبح، شام، رات پانی سے دھو کر پئیں۔ ذہنی سکون اور اعصابی کمزوری دور کرنے کے لئے نہایت مفید علاج ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کے مرض میں جب بھی پانی پیئیں۔ یَاحَیُّ تین مرتبہ پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ انشاءاللہ نصیب ہو گی۔

### روشن ضمیر

ہر طرف سے ذہن ہٹا کر یکسوئی کے ساتھ کسی گوشے یا کُھلے آسمان کے نیچے بیٹھ کر ۳۰۰ مرتبہ یَامَاجِدُ پڑھا جائے۔ اللہ کے فضل و کرم سے دل نور اعلیٰ نور ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ کی صفات کا مشاہدہ ہو گا۔ اس وظیفہ میں ہر قسم میں ہر قسم کی تمبا کو نوشی، لہسن، پیاز اور بد بودار چیزوں سے پرہیز لازمی ہے۔

### خوف و غم سے نجات

یَاصَمَدُ کثرت سے پڑھا جائے تو آدمی مخلوق سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔ بظاہر دنیا اس پر تنگ ہو جاتی ہے لیکن بباطن وہ اللہ کی بادشاہی میں شریک ہو جاتا ہے۔ اس اسم کا ورد رکھنے والا بندہ خوف و غم سے نجات حاصل کر لیتا ہے۔

### توبہ کی قبولیت

توبہ سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور بندہ اللہ تعالیٰ سے قریب ہو جاتا ہے۔ گناہ آدمی سے ہی سرزد ہوتا ہے۔ گناہ سے پاک کوئی نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ بندہ اللہ تعالیٰ سے توبہ کرتا رہے۔ توبہ کرنے سے پہلے جتنی مرتبہ دل چاہے یَامُوْخِّرٌ کا ورد کریں۔ انشاءاللہ توبہ قبول ہو گی۔ چاہے کہ توبہ کرتے وقت اپنے وقت اپنے رب کی حضور عاجزی و انکساری اور گناہوں سے ندامت کا اظہار کیا جائے۔

### غیبی مدد

صبح بیدار ہونے کے بعد سو مرتبہ یَامُقْتَدِرُ پڑھنے سے دن بھر کے تمام کام آسان ہو جاتے ہیں۔ لوگ تعاون کرتے ہیں اور غیب سے مدد حاصل ہوتی ہے۔

www.ksars.org

# منتخب مضامین

# اسمائے الٰہی سے علاج

## عدم تحفظ کا احساس

بلوہ ہو جائے، فساد اور خون خرابے کے حالات پیدا ہو جائیں، غنڈہ گردی ہو یا عدم تحفظ کے احساس کا غلبہ ہو اور جنگ کی تباہ کاریاں ہوں۔ ان سب سے محفوظ رہنے کے لئے یَامُقَدِّمُ ۱۲۵۰۰۰ (سوا لاکھ) مرتبہ اجتماعی طور پر پڑھا جائے۔ انشاء اللہ ہر تکلیف اور شر سے حفاظت ہو گی۔

## اولاد نرینہ

دیکھا گیا ہے کہ بعض اوقات لڑکیاں زیادہ ہوتی ہیں۔ پانچ، چھ، سات لڑکیوں کے اوپر بھی کوئی لڑکا نہیں ہوتا۔ اولاد نرینہ کے لئے حمل قرار پانے کے بعد سے تین مہینے تک روزانہ چالیس مرتبہ یَا اَوَّلُ پڑھ کر ماں اپنے پیٹ پر دم کرے۔ انشاء اللہ مراد پوری ہو گی۔ پیدائش کے بعد لڑکے کا نام اللہ کے نام کے ساتھ رکھا جائے۔ مثلاً عبداللہ، عبدالاول، عبدالغفار وغیرہ۔

## عزت و توقیر

ہر نماز کے بعد ایک سو ایک مرتبہ یَا اٰخِرُ کا ورد کرنے سے بندہ کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت پروان چڑھتی ہے اور اس کا خاتمہ ایمان پر ہوتا ہے۔ سفر میں جاتے وقت یا آخر ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر اور اہلِ و عیال کے اوپر دم کر دیں۔ جہاں جائے گا، عزت و توقیر حاصل ہو گی۔

## پرکشش آنکھیں

سورج طلوع ہونے کے بعد جب دھوپ تیز ہو جائے ایک سو مرتبہ یَا ظَاھِرُ پڑھ کر ہاتھوں کی آٹھوں انگلیوں پر دم کریں اور ان انگلیوں کو اپنی آنکھوں پر پھیر لیں۔ آنکھیں انشاء اللہ خوبصورت اور پرکشش ہو جائیں۔

## فرشتوں سے ہم کلامی

رات کو سونے سے پہلے ایک ہزار مرتبہ درود شریف اور گیارہ سو مرتبہ یَا بَاطِنُ پڑھ کر مراقبہ کریں۔ یہ اسم پڑھنے والے بندے کا دل اللہ کی محبت سے سرشار ہو جاتا ہے اور اس کے دل میں روشنیوں کا اس قدر ہجوم ہو جاتا ہے کہ اس کے اوپر باطنی اسرار منکشف ہونے لگتے ہیں۔ مراقبہ میں کامیابی کے بعد جب اس کے اندر باطنی نظر کھلتی ہے تو وہ فرشتوں سے ہم کلام ہونے لگتے ہے اور غیب کی دنیا میں موجود اللہ کی مخلوق ایسے بندہ کی زیارت کرنا اپنے لئے سعادت سمجھتی ہے۔

www.ksars.org

## منتخب مضامین

## اسمائے الٰہی سے علاج

**نوٹ** اس اسم کا ورد اپنے پیر و مرشد کی نگرانی میں کرنا چاہیئے۔

### ایام کی خرابی

اللہ تعالیٰ کے نظام کے تحت صنف نازک کی خوبصورتی کا راز ماہانہ نظام کی باقاعدگی پر قائم ہے۔ اگر اس نظام میں کمی واقع ہو جائے یا اندرونی طور پر متورم ہو جائیں تو عورت کو نہ صرف یہ کہ ہر مہینہ شدید کرب سے گزرنا پڑتا ہے بلکہ اس کی خوبصورتی بھی متاثر ہوتی ہے۔ اس نظام کو درست رکھنے کے لئے خالص السی کے تیل پر روزانہ ایک ہزار مرتبہ گیارہ دن تک یَامُتَعَالِی پڑھ کر دم کیا جائے اور صبح سورج نکلنے سے پہلے ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ پر جو کولہوں کے درمیان ہوتا ہے، بلاناغہ ایک ماہ تک مالش کی جائے۔

### بچوں کو نظر لگنا

چھوٹے بچوں کو جب نظر لگ جاتی ہے تو بچے دودھ پینا چھوڑ دیتے ہیں اور چڑچڑے ہو جاتے ہیں۔ بغیر کسی وجہ کے روتے رہتے ہیں۔ بچوں کی اس تکلیف سے ماں باپ اور گھر کے تمام افراد کو پریشانی لاحق ہو جاتی ہے۔ نیلے رنگ کا کچا دھاگہ لے کر سات مرتبہ بچے کے سر سے پیر تک ناپیں اور سات مرتبہ یابَرُّ پڑھ کر بچے پر دم کریں اور دوسری پھونک دھاگہ پر لگائیں اور دھاگے کو جلا دیں۔ بچہ کے اوپر سے نظر کا اثر ختم ہو جائے گا۔ نشہ اور بری عادتوں سے محفوظ رہنے کے لئے باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر سو مرتبہ یَابَرُّ پڑھیں۔ بُری عادتوں سے طبیعت بیزار ہو جائے گی۔ طبیعت کی اس بیزاری سے فائدہ اٹھانے کے لئے اپنا ارادہ اور اختیار بھی استعمال کرنا چاہیئے۔

### احساس برتری

جن لوگوں کے اندر احساس برتری زیادہ ہوتا ہے وہ دل کے سخت ہوتے ہیں۔ دوسروں کو تکلیف میں دیکھ کر خوش ہوتے ہیں اور خود کو دوسروں سے بلند مرتبہ سمجھتے ہیں۔ زیادہ تر تو یہ ہوتا ہے کہ ایسے لوگ اس بُری عادت کو بُرائی نہیں سمجھتے اور وہ بُرائی کے اس خول میں بند رہنا چاہتے ہیں لیکن کچھ لوگ اس بُرائی کو جب محسوس کر لیتے ہیں تو اس سے رستگاری چاہتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو چاہیئے کہ وہ زیادہ سے زیادہ یَاتَوَّابُ کا ورد کریں۔ اس اسم کا ورد کرنے والا بندہ رحم دل ہوتا ہے اور لوگوں پر مہربانی کرتا ہے۔

www.ksars.org

# منتخب مضامین

## اسمائے الٰہی سے علاج

دنیااور آخرت میں مکافات عمل کا قانون رائج ہے۔جو جیسا کرتا ہے اس کے سامنے دیر یا سویر ضرور آتا ہے۔اللہ تعالیٰ بدلہ لینے کی قدرت رکھتے ہیں لیکن معاف کرنا ان کی عادت ہے۔اللہ کی اس سنت پر عمل کرتے ہوئے ہم سب کو چاہیئے کہ لوگوں کی خطاؤں کو معاف کر دیں اور اگر کسی طرح غصہ ختم نہ ہو اور انتقام کی آگ ٹھنڈی نہ ہو تو وضو اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے سات روز تک یَامُنْتَقِمُ کا ورد کریں۔

### گناہوں سے نفرت

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی تمام خطائیں معاف کر کے عفو در گزر سے کام لیتے ہیں۔یَاعَفُوْ کثرت سے پڑھنے سے دل میں گناہوں سے نفرت پیدا ہو جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ دلی تعلق قائم ہو جاتا ہے۔

### رخصتی کے وقت

اللہ تعالیٰ نے غصہ کو ناپسند کیا ہے۔ارشاد ہے۔

''اور جو لوگ غصہ کھاتے ہیں اور لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں، اللہ ایسے احسان کرنے والے بندوں سے محبت کرتا ہے۔''

بہ نظر غائر دیکھا جائے تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ غصہ سے خود غصہ کرنے والے آدمی کو ہی نقصان پہنچتا ہے۔غصہ کے عالم دوران خون تیز ہو جاتا ہے۔وہ لہریں جو آدمی کی صحت کے لئے ضروری ہیں منتشر ہو کر ضائع ہو جاتی ہیں۔غصہ میں آدمی کے حواس خراب ہو جاتے ہیں اور اس سے ایسی حرکت سرزد ہو سکتی ہے جس پر اسے ساری عمر پچھتانا پڑتا ہے۔اس بُری عادت سے محفوظ رہنے کے لئے یَارَ ؤُفُ پڑھنے سے محبت و گداز پیدا ہوتا ہے۔ اللہ کی ساری مخلوق اپنے بہن بھائیوں، ماں باپ یا اولاد کی طرح نظر آتی ہے اور دوسری سب مخلوق بھی

ایسے شخص کو عزیز رکھتی ہے۔جس وقت دلہن رخصت ہو کر خاوند کے سامنے جائے، سات یَارَ ؤُفُ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے۔خاوند ساری عمر بیوی پر مہربان رہے گا اور ناچاقی پیدا نہیں ہو گی۔

### اپیل میں کامیابی

مقدمہ میں ناکامی کے بعد اپیل کے وقت یَامَالِكُ الْمُلْكِ کا اجتماعی طور پر چالیس دن میں سوالاکھ مرتبہ ختم کیا جائے۔انشاءاللہ اپیل میں کامیابی ہو گی۔

www.ksars.org

# منتخب مضامین

# اسمائے الٰہی سے علاج

## حافظہ کمزور ہونا

یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھنے سے عزت وعظمت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اگر کسی شخص کا حافظہ کمزور ہو اور کند ذہن بھی ہو تو رات کو سوتے وقت تین عدد بادام کی گری پر تین مرتبہ یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام پڑھ کر دم کرے۔ ایک گری رات کو سوتے وقت، ایک گری صبح نہار منہ اور ایک گری دوپہر کے کھانے سے پہلے کھالے۔ بچوں کے لئے یہ عمل ماں باپ کر سکتے ہیں۔ علاج کی مدت اکیس روز ہے۔

پراگندہ ذہنی اور شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہنے کے لئے ہر نماز کے بعد سو مرتبہ یَا مُقْسِطُ پڑھنا نہایت مفید عمل ہے۔ اس اسم کے ورد سے رنج وغم کا غلبہ ختم ہو کر مسرت وشادمانی نصیب ہوتی ہے۔

## بچھڑے ہوئے رشتہ دار

عزیز واقارب دور دراز علاقوں میں بکھر گئے ہوں اور آپس میں ملاپ کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو۔ تو سورج نکلنے کے آدھے گھنٹے بعد غسل کر کے آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے دس مرتبہ یَاجَامِعُ پڑھ کر ایک انگلی بند کر لیں۔ پھر دس مرتبہ پڑھ کر دوسری انگلی بند کر لیں۔ اسی طرح دس مرتبہ پڑھنے کے بعد ایک ایک انگلی بند کرتے چلے جائیں۔ پہلے دائیں مٹھی بند ہو جائے گی پھر بائیں مٹھی۔ جب دونوں مٹھیاں بند ہو جائیں، دونوں ہاتھ چہرے کے قریب لے جا کر کھول دیں اور منہ پر پھیر دیں۔ چالیس روز کے اس عمل سے بچھڑے ہوئے رشتے دار انشاءاللہ مل جائیں گے۔ کسی بھی وقت نماز کے بعد مال اور اولاد میں برکت کے لئے ستر مرتبہ یَاغَنِیُّ پڑھئے۔

## میاں بیوی میں اختلاف

میاں بیوی سے ناراض ہو یا بیوی سے ناراض ہو۔ دونوں میں سے جس کو ضرورت ہو رات کو سونے سے پہلے لیٹ کر یَامَانِعُ پڑھتے پڑھتے سو جائے۔ دلوں کی کدورت اور آپس کی غلط فہمی دور ہو جائے گی۔

## شادی میں رکاوٹ

لڑکی یا لڑکے کی شادی نہ ہوتی ہو اور پیغام آنے کے بعد بغیر وجہ کے رشتہ ختم ہو جاتا ہو اور حسبِ منشاء شادی کے لئے لڑکا یا لڑکی خود یا ان کی ماں بعد نماز عشاء تین سو مرتبہ یَامُغْنِیُ پڑھیں۔ عمل کی مدت نوے دن ہے۔ یہ عمل ناغہ کے دنوں میں بھی کیا جائے گا۔ یہی تاثیر اللہ تعالیٰ کے اسم یَامُعْطِیُ کی بھی ہے۔

www.ksars.org

# منتخب مضامین

# اسمائے الٰہی سے علاج

## ایکسیڈنٹ سے حفاظت

کسی کام کو شروع کرتے وقت اکتالیس مرتبہ یَا نَافِعُ پڑھا جائے۔انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔سفر کرتے وقت ریل، بس، ٹیکسی یا کسی بھی سواری پر بیٹھنے سے پہلے چند بار اَ یَا نَافِعُ پڑھ لیا جائے تو حادثات سے حفاظت ہوتی ہے۔

## انوارالٰہی

چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے، وضو بغیر وضو ہر وقت یَانُوْرُ پڑھنے سے دل انوارِ الٰہی سے منور ہو جاتا ہے۔

## معرفتِ حق

صراطِ مستقیم پر چلنے، انعام یافتہ لوگوں کی صف میں شریک ہونے اور اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرنے کے لئے تہجد کی نفلوں کے بعد اول وآخر درود شریف کے ساتھ یَاھَادِیُ پڑھ کر پندرہ منٹ تک مراقبہ کیا جائے۔

## گھر میں خیر و برکت

باوضو یَابَدِیْعُ پڑھتے پڑھتے سو جائیں تو سچے خواب نظر آتے ہیں اور مستقبل میں پیش آنے والے حالات و واقعات کا علم ہو جاتا ہے۔یہی اسم اگر سو مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھا جائے تو غم اور پریشانی سے نجات مل جاتی ہے۔کاروبار معاش میں رکاوٹیں درپیش ہوں تو وہ ختم ہو جاتی ہیں۔گھر میں خیر و برکت ہوتی ہے۔گھر کے افراد میں شیر و شکر بن کر زندگی گزارتے ہیں۔زمین بنجر ہو یا سیم اور تھور کے زیر اثر ہو یا زمین بظاہر ٹھیک ہو لیکن زمین کے اندر بیج کی صحیح نشو نما نہ ہوتی ہو تو دس سیر چکنی مٹی پر گیارہ مرتبہ یَابَاقِیُ پڑھ کر دم کریں اور یہ مٹی سارے کھیت میں بکھیر دیں۔یَاوَارِثُ بکثرت پڑھنے سے عمر میں اضافہ، دل میں فرحت اور سرور پیدا ہوتا ہے۔

## نیکی کا پیکر

وہ لوگ جو راست باز ہیں، نیکی کو پسند کرتے ہیں، دوسروں کے دکھ درد کو اپنا دکھ سمجھتے ہیں، تمنا کرتے ہیں کہ دوسرے لوگ بھی وہ کام کریں۔لوگوں کو ان کے کاموں میں اچھے مشورے دیتے ہیں اور ان کی مشکلات کو دور کرنے کے لئے ان کے ساتھ تعاون کرتے ہیں، ایسے سعادت مند بندوں پر اللہ

www.ksars.org

منتخب مضامین اسمائے الٰہی سے علاج

تعالیٰ کا اسم یَارَشِیْدُ حکمراں ہوتا ہے۔ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ یَارَشِیْدُ پڑھنے سے آدمی راستی اور نیکی کا پیکر بن جاتا ہے اور اس کے لئے سعادت مندی کی تمام راہیں کشادہ ہو جاتی ہیں۔ کردار میں بزرگی کے آثار نمایاں ہو جاتے ہیں۔

## اچھی بیوی

اچھے اور برگزیدہ لوگ حلیم الطبع ہوتے ہیں۔ بڑوں کا ادب کرتے ہیں اور چھوٹوں کے ساتھ شفقت سے پیش آتے ہیں۔ سخت سے سخت مصیبت میں صبر سے کام لیتے ہیں۔ حالات کتنے ہی اچھے ہوں غرور اور تکبر کو اپنے پاس پھٹکنے نہیں دیتے۔ اللہ کی دی ہوئی نعمتوں سے غریبوں کی مدد کرتے ہیں اور اپنی زندگی کے ہر لمحے میں نیکی و نیکوکاری کی طرف مائل رہتے ہیں۔ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ یَاصَبُوْرُ کا ورد کرنے سے آدمی کے اندر مندرجہ بالا ساری خصوصیات پیدا ہو جاتی ہیں۔ اگر حاکم خودسر اور بدزبان ہو یا کسی عورت کا خاوند بات بے بات گالیاں بکتا ہو اور بیوی کو پیر کی جوتی سمجھتا ہے، ان باتوں سے محفوظ رہنے کے لئے گیارہ دن تک ظہر کی نماز کے بعد سو مرتبہ یَا صَبُوْرُ پڑھ کر دعا کی جائے۔

www.ksars.org

Month________ Planner

عیسوی ہجری

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |
| | | | | 31 |

www.ksars.org